القرآن الکریم

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ

موضوعاتُ القرآن

قرآن کے موضوعات کی اُردو حروفِ تہجی کے اعتبار سے ترتیب

تحقیق اور تبلیغ کرنے والوں کے لیے

قرآن کے 787 موضوعات

تحقیق و ترتیب

نعمان انوار

تصحیح وتنقیح

مولانا محمد خالد سیف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معزز قارئین توجہ فرمائیں!

کتاب و سنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ....

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد آپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

☆ تنبیہ ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی و شرعی جرم ہے۔

﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ

مَوضُوعاتُ القُرآن

قرآن کے موضوعات کی اُردو حروف تہجی کے اعتبار سے ترتیب

تحقیق اور تبلیغ کرنے والوں کے لیے

قرآن کے 787 موضوعات

تحقیق و ترتیب
نعمانُ انوار

تصحیح وتنقیح
مولانا محمد خالد سیف

ضربِ آھن پبلشرز، اسلام آباد، پاکستان
www.zarbeaahan.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اشاعت .... دسمبر 2013

مطبع .... قدوسیہ اسلامک پریس

Composed & Designed By:
Dynamic Softwares & IT Solutions
www.dynasoft.org

کتاب ملنے کا پتہ

ضربِ آھن پبلشرز، اسلام آباد، پاکستان

Office # 27, Plot#1, 1st Floor
Capital Plaza
G-11 Markaz, Islamabad, Pakistan

+92- 0331- 8447773
zarb_e_aahan@yahoo.com
www.zarbeaahan.com

فہرست

﴿ اُردو حروفِ تہجی ﴾

آ	ا	ب	پ	ت	ٹ	ث	ج	چ	ح	خ	د	ڈ
ذ	ر	ڑ	ز	ژ	س	ش	ص	ض	ط	ظ	ع	غ
ف	ق	ک	گ	ل	م	ن	و	ہ	ی	ے		

﴿ [آ] ﴾

آ

ا

ا

ا

ا

ا

۱

ا

ا

ا

[ب]

ب

ب

پ - ت

[پ]

[ت]

ت

ت

ت ۔ ٹ ۔ ث ۔ ج

ج

ج - چ

[چ]

چ ۔ ح

ح

ح ۔ خ

خ ۔ د

[د]

د

د

د ـ ڈ

[ڈ]

ذ ـ ر

[ذ]

[ر]

ر ۔ ز

ز ۔ س

س

س - ش

ش

ش - ص

ص ۔ ض ۔ ط

ط ۔ ظ ۔ ع

ع

ع

ع - غ

غ

ف

ف ۔ ق

ق

ق

ق

[ک]

ک ۔ گ

گ

ل - م

م

م

م

م

م

م

م

م - ن

ن

ن

ن

﴿ [و] ﴾

و ـ ہ

ہ ۔ ی

مقدمتہ الکتاب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْن، وَصَلَوَاتُ رَبِّنَا وَ سَلَامُہٗ عَلٰی خَاتَمِ الْاَنْبِیَاءِ وَ الْمُرْسَلِیْن، مُحَمَّدٍﷺ وَّ عَلٰی آلِہٖ وَ صَحْبِہٖ اَجْمَعِیْن، وَ مَنْ تَبِعَھُمْ بِاِحْسَانٍ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْن.

قرآن مجید اُس اللہ خالق و مالک کائنات کا کلام بلاغت نظام ہے کہ آسمان کے ستارے، سورج کی روشنی، چاند کی چمک، ستاروں کی جگمگاہٹ، زمین کی وسعت اور کائنات کا ذرہ ذرہ جس کی عظمت و رفعت اور کبریائی و جلالت کا گواہ ہے۔

کلام کا اندازہ متکلم کی عظمت و شان سے لگایا جاتا ہے، اس معیار اور پیمانے کے مطابق بھی یہ کلام پاک تمام مخلوقات کے کلام سے بلند و بالا اور ارفع واعلیٰ ہے۔ خود اسے نازل کرنے والے نے فرمایا ہے: **لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَہٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ** ''اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو آپ اس کو دیکھتے کہ اللہ کے خوف سے دبا (اور) پھٹا جاتا ہے''۔ [الحشر ۵۹: ۲۱]

انسانی دل کی پہاڑوں کی قوت و صلاحیت کے مقابلے میں کیا حیثیت ہے؟ اپنے محبوب پیغمبر حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے قلب اطہر کا اس کتاب ہدایت و نور کے نازل کرنے کے لیے انتخاب فرمایا اور انہیں اس کے تحمل کی استعداد اور صلاحیت عطا فرمادی۔

نبی اکرم حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو نہ صرف قرآن مجید پڑھایا بلکہ آپ نے اُنہیں اس کی تفسیر و تشریح اور اس کا مفہوم بھی سمجھایا کیونکہ یہ آپ کے فرائض میں سے تھا۔ قرآن مجید کے چار مقامات پر آپ کے فرائض منصبی کے ضمن میں تعلیم کتاب و حکمت کو بھی بیان کیا گیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں: البقرۃ ۲: ۱۲۹، ۱۵۱۔ ال عمران ۳: ۱۶۴۔ الجمعہ ۶۲: ۲۔ علاوہ ازیں ارشاد باری تعالیٰ ہے: **وَ اَنْزَلْنَا اِلَیْکَ الذِّکْرَ لِتُبَیِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَیْھِمْ وَلَعَلَّھُمْ یَتَفَکَّرُوْنَ** ''اور ہم نے آپ پر (یہ) کتاب نازل کی ہے تا کہ جو (ارشادات) لوگوں پر نازل کیے گئے ہیں، اُن کی تشریح آپ اُن کے سامنے بیان کریں اور تا کہ وہ غور کریں'' [النحل ۱۶: ۴۴]

رسول اللہ ﷺ کی حدیث اور سنت درحقیقت قرآن مجید ہی کے اجمال کی تفصیل، اطلاق کی تقلید، عموم کی تخصیص اور احکام و مسائل کی تشریح ہے یا یوں کہہ لیجیے کہ حدیث و سنت نبوی قرآن مجید کے متن کی تفسیر ہے کیونکہ آپ کا ہر ارشاد اور ہر

عمل قرآن مجید کی تفسیر وتشریح ہی تھا۔

مسلمانوں کی علمی ترقی کا پہلا کارنامہ قرآن مجید کی تفسیر ہی کی صورت میں سامنے آیا اور انہوں نے اس کے الفاظ واحکام اور اُن کے مسائل کے استنباط واستخراج میں اپنی عمروں کو کھپا دیا۔ اُنہوں نے تفسیر قرآن سے متعلق ہر شعبے میں ایسے وسیع اور قیمتی ذخائر چھوڑے ہیں کہ سابقہ ادیان و مذاہب کے لوگوں کے ہاں اپنی مذہبی کتب کے حوالے سے ایسی کوئی مثال نہیں ملتی۔

قرآن مجید کے عاشقان پاک طینت نے قرآن مجید کے انوار کے ساتھ اپنے سینوں میں کرن کرن اُجالا کیا، اس کی تعلیمات کے مطابق عمل کیا، اس عطیۂ رب کائنات اور معجزۂ فخر موجودات حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے ساتھ خصوصی اعتنا کیا اور اس بحر ذخار میں غواصی کر کے علوم وفنون کے ایسے ایسے جواہر دنیا کے سامنے پیش کیے جن کی سابقہ اقوام وادیان میں کوئی مثال نہیں ملتی، کسی نے تو لغات قرآن، تحریر کلمات، مخارج حروف اور عدد حروف وکلمات وآیات کو موضوعِ سخن بنایا، کسی نے معرب ومبنی اور اسماء وافعالِ قرآن پر بحث کی، کسی نے قرآنِ حکیم کے عقلی دلائل اور اصولی ونظری شواہد کو سامنے رکھ کر اصولِ دین کا استنباط کیا، کسی نے عموم وخصوص، حقیقت ومجاز، ظاہر ومجمل، محکم ومتشابہ، امر ونہی اور ناسخ ومنسوخ کے اعتبار سے قرآن پاک پر نگاہ دوڑائی، کسی نے حلال وحرام اور دیگر احکام پر دادِ تحقیق دی، کسی نے قرآنِ مجید سے تاریخ اور قصص و واقعات اخذ کر کے مرتب کر ڈالے، کسی نے حِکَم، امثال، مواعظ، وعد و وعید، تنذیر وتبشیر، موت و قیامت، حشر وحساب، عذاب وثواب اور جنت وجہنم کے تذکار پر خامہ فرسائی کی، کسی نے علم میراث پر، کسی نے علم مواقیت پر اور کسی نے قرآن مجید کے لفظ کی عمدگی، نظم کی خوبی، سیاق وسباق کے حُسن اور ایجاز واعناب کی طرفہ طرازیوں پر قلم اٹھایا اور معانی وبیان وبدیع جیسے علوم سے دنیا پہلی بار آشناء ہوئی۔

قرآن مجید کے باب میں مسلمانوں کی خدمات، کاوشوں اور جدّت طرازیوں کی یہ ایک طویل داستان ہے، جسے اس وقت بیان کرنا مقصود نہیں بلکہ اس وقت عزیز محترم جناب نعمان انوار راجپوت کی پیشکش ''موضوعات القرآن'' سے قارئین کرام کو روشناس کرانا مقصود ہے، جس میں اُنہوں نے قرآن مجید کے موضوعات کو اردو حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کرنے کی سعی فرمائی ہے۔ اُنہوں نے حسبِ ذیل تین قسم کے موضوعات کو پیش نظر رکھا ہے:

(۱)۔ ایسے موضوعات جن کا قرآنی آیات میں واضح طور پر ذکر ہے۔

(۲)۔ ایسے موضوعات جن کو قرآنی آیات کے شانِ نزول کے مطابق اخذ کیا گیا۔

(۳)۔ ایسے موضوعات جن کو آیات کے مفہوم سے استنباط کیا گیا ہے۔

جناب نعمان انوار راجپوت کی یہ کوشش قابل ستائش بھی ہے، قرآن مجید سے اُن کی محبت کی آئینہ دار بھی اور قرآن مجید کے فہم کو آسان بنانے کی سعی جمیل بھی۔

بلاشبہ مسلمان جب تک اس کتاب ہدایت کے مطابق عمل کرتے رہے، دنیا میں سر بلند رہے اور جب سے اُنہوں نے اس کی پاکیزہ تعلیمات کے مطابق عمل کرنا چھوڑ دیا ہے، تباہی و بربادی ان کا مقدر بن گئی ہے۔ جیسا کہ امام کائنات، فخر موجودات حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے اپنی امت کو پہلے ہی آگاہ کرتے ہوئے فرمایا تھا: **إِنَّ اللهَ يَرْفَعُ بِهٰذَا الْكِتَابِ أَقْوَامًا وَ يَضَعُ بِهٖ آخَرِيْنَ** ''یقیناً اللہ اس کتاب (پر عمل کرنے) کی وجہ سے قوموں کو سربلندی عطا فرماتا اور اس (سے اعراض کرنے) کی وجہ سے دوسری قوموں کو پست کر دیتا ہے''[صحیح مسلم، حدیث:817]

اللہ رب ذوالجلال والاکرام کے حضور دست بدعا ہوں کہ وہ خدمتِ قرآن کی اس کوشش کو شرف قبولیت سے نوازے اور ہمیں قرآن مجید کے پڑھنے، اس کے معانی و مطالب کو سمجھنے اور اس کی پاکیزہ تعلیمات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور محض اپنے فضل و کرم سے آخرت میں اسے ہمارا رفیق، ہماری حجت اور ہمارے لیے برہان بنا دے۔ آمین یارب العالمین!

محمد خالد سیف

اسلام آباد

21 مارچ، 2013ء

تمہید

إِنَّ الْحَمْدَلِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَ نَسْتَعِيْنُهٗ وَ نَسْتَغْفِرُهٗ ، وَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ أَنْفُسِنَا وَ مِنْ سَيِّئَاتِ أَعْمَالِنَا. مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ ، وَ مَنْ يُّضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهٗ. وَ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمْ) عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ.

﴿ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَ لَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ○ ﴾

[ال عمران ٣ : ١٠٢]

﴿ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ خَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَ بَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّ نِسَآءً وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ○ ﴾

[النساء ٤ : ١]

﴿ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ○ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ○ ﴾ [الاحزاب٣٣ : ٧٠،٧١]

أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ خَيْرَ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ وَ خَيْرَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمْ) وَ شَرَّ الْأُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا وَ كُلُّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَ كُلُّ ضَلَالَةٍ فِي النَّارِ.

تمام تعریفیں کائنات کے شہنشاہ اللہ ﷻ کے لئے ہیں جن کی ذات، صفات اور عبادات میں کوئی شریک نہیں۔ بے شک اللہ ﷻ جن وانس کی اطاعت یا نافرمانی سے بے نیاز ہیں۔ ہر انسان کا نیک یا بد عمل اُس کے اپنے اعمال نامے پر نقش ہے۔ حقیر پانی سے تخلیق شدہ انسان کا کوئی نیکی کرنا یا کسی گناہ سے بچنا عرش والے عظیم الشان احسن الخالقین کی رحمت کے بغیر ناممکن ہے۔ تمام جن وانس ربِّ ذوالجلال کی ہدایت ورحمت کے محتاج ہیں۔

خاتم النبیین، امام الانبیاء، محمد رسول اللہ ﷺ پر درود وسلام اور اللہ کی لاتعداد رحمتیں ہوں جن کی زبانِ اطہر سے ادا ہونے والا قرآن قیامت تک کے جن وانس کے لئے سراپا ہدایت ورحمت اور دلوں کے روگ کی شفا ہے۔ اللہ ﷻ نے پہلے انبیاء کو جن معجزات سے نوازا اُن کی تاثیر ایک خاص قوم اور وقت تک محدود تھی۔ لیکن محمد رسول اللہ ﷺ کو جو بے مثال اور عالی قدر معجزہ قرآن الکریم کی صورت میں عطا کیا گیا وہ قیامت تک باقی رہنے والا ہے۔

اس کتاب کے موضوعات کو قرآن کے پانچ علوم میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔جیسا کہ شاہ ولی اللہ دہلویؒ نے الفوز الکبیر فی اصول التفسیر میں تمام علومِ قرآن کو پانچ حصوں میں تقسیم کیا۔ان کا خلاصہ درج ذیل ہے:

(۱)۔علمِ احکام:

قرآن مجید کے تمام احکام۔واجب، مستحب، حرام، مکروہ اور مباح۔خواہ ان کا تعلق عبادات سے ہو یا معاملات سے، تدبیرِ منزل سے ہو یا سیاست سے، تمام اس علم میں آجاتے ہیں۔

(۲)۔علمِ مناظرہ:

قرآن مجید میں چار گمراہ فرقوں، یہود، نصاریٰ، مشرکین اور منافقین سے مباحثہ کیا گیا ہے اور اس مباحثہ کی عام طور پر دو صورتیں ہوتی ہیں۔(۱)۔ان کے باطل عقیدے کو بیان کرکے اس کی قباحت بیان کردی گئی ہے اور اس سے نفرت دلائی گئی ہے۔(۲)۔گمراہ فرقوں کے شبہات ذکر کرکے ان کے جوابات دیے گئے ہیں۔

(۳)۔تذکیر بالآءِ اللہ:

قرآن مجید تمام نسلِ انسانی کی تہذیب کے لئے نازل ہوا ہے۔اس لیے اللہ تعالیٰ نے تذکیر بالآءِ اللہ کے سلسلہ میں عام افرادِ انسانی کی اکثریت کی معلومات سے زیادہ بیان نہیں کیا اور نہ ہی زیادہ بحث سے کام لیا ہے۔جن نعمتوں کا ذکر مناسب تھا، انہیں بیان کیا گیا ہے۔مثلاً زمین و آسمان کی تخلیق، بادلوں سے پانی برسانا، زمین سے پانی کے چشمے جاری کرنا، اس سے انواع واقسام کے پھل پھول اور غلّہ اُگانا، ضروری صنعتوں کا الہام اور ان کے جاری کرنے کی قدرت بخشنا وغیرہ کا ذکر کیا گیا ہے۔

(۴)۔تذکیر بایام اللہ:

اس عنوان کے تحت وہ واقعات بیان کیے گئے ہیں، جو ہدایت وضلالت اور حق و باطل کی کشمکش کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہیں اور ترغیب یا ترہیب کا کام انجام دیتے ہیں۔مثلاً فرمانبرداروں کے لئے انعام اور نافرمانوں کے لئے عذاب، قومِ عاد وثمود کے قصّے، حضرت ابراہیم اور انبیاء بنی اسرائیل کی داستانیں اور ان سے مقصود زیبِ داستان نہیں بلکہ مقصد یہ ہے کہ سُننے والے کا ذہن شرک اور گناہ کی بُرائی سے نفرت کرے اور وہ کفار پر عذاب اور مخلصین پر اللہ تعالیٰ کی عنایت پر مطمئن ہو۔

(۵)۔تذکیر بالموت و بعد الموت:

اس سلسلہ میں یہ امور بیان ہوتے ہیں: انسانی موت کی کیفیت، بے چارگی کا عالم، موت کے بعد جنّت اور

دوزخ کا سامنے آنا، عذاب کے فرشتوں کا آنا، علاماتِ قیامت، حضرت عیسیٰ کا نزول، دجّال اور یاجوج وماجوج کا ظہور، فنا، صور، حشر ونشر، سوال وجواب، میزان اور نامۂ اعمال، مؤمنین کا دیدارِ الٰہی سے فیض یاب ہونا، عذاب کی نوعیتیں اور جنّت کی نعمتوں کی تفصیل وغیرہ۔

اللہ تعالیٰ کی توفیق سے زیرِ نظر کتاب میں قرآن کے چند موضوعات جمع کرنے کی عاجزانہ کوشش کی گئی ہے۔ الحمدللہ تمام بڑے (۷۸۷) اور چھوٹے موضوعات ملا کر اس کتاب میں ایک ہزار تین سو (۱۳۰۰) سے زائد موضوعات درج ہیں۔ تمام موضوعات کو اُردو حروفِ تہجی کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے۔

کتاب کی نمایاں خصوصیات

- موضوعات کا انتخاب تفاسیر بالا حادیث الصحیحہ کی روشنی میں کیا گیا ہے۔
- اسرائیلی روایات اور ضعیف احادیث پر مبنی تفاسیر سے موضوعات اخذ کرنے سے گریز کیا گیا ہے۔
- ''موضوعات القرآن'' کو علمائے کرام، خطبائے عظام، مقرّرینِ اسلام اور اسلامی کتب مرتّب کرنے والے اہلِ علم کے علاوہ عامۃ المسلمین کی ضروریات کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے۔
- قارئینِ کرام اُردو ڈکشنری کی طرز پر اس کتاب سے قرآنِ کریم کے موضوعات تلاش کر سکتے ہیں۔
- قرآنی آیات کو نہ صرف مخصوص موضوعات کے تحت جمع کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے بلکہ بڑے موضوعات کے تحت مزید موضوعات بھی قلمبند کیے گئے ہیں۔ مثلاً [اللہ ﷻ] کے موضوع کے تحت ۷۰ مزید موضوعات قلمبند کیے گئے ہیں اور [محمد رسول اللہ ﷺ] کے موضوع کے تحت ۳۱ مزید موضوعات قلمبند کیے گئے ہیں۔
- کتاب کے حجم کو مختصر رکھنے کے لیے موضوعات کے تحت قرآنی آیات درج کرنے سے گریز کیا گیا ہے۔ لیکن کتاب کی افادیت کو برقرار رکھنے کے لئے آیت نمبر کے ساتھ بریکٹ ( ) میں آیت میں مذکورہ بات کا ایک مختصر اشارہ یا ***Foot note*** درج کر دیا گیا ہے۔ مثلاً (الاحزاب ۳۳): ۴۰ (ختمِ نبوّت)۔
- زیرِ نظر کتاب تین قسم کے موضوعات پر مشتمل ہے۔ [۱]: ایسے موضوعات جن کا قرآنی آیات میں واضح ذکر یا نام موجود ہے۔ مثلاً آسمان، سورج، چاند وغیرہ۔ [۲]: ایسے موضوعات جن کو قرآنی آیات کے شانِ نزول کے

مطابق اخذ کیا گیا ہے۔ مثلاً اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا [(النور ٢٤): ١١ تا ٢٠]، غزوہ بدر [(ال عمرٰن ٣): ١٣] وغیرہ۔ [٣]: ایسے موضوعات جن کو آیات کے مفہوم سے اخذ کیا گیا ہے۔ مثلاً رشوت ((البقرۃ ٢): ١٨٨۔) تقویٰ کے فضائل و برکات ((الطلاق ٦٥): ٢ تا ٥) وغیرہ۔

- آیات کے مفہوم کی بنیاد پر اخذ کیے جانے والے موضوعات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، تابعین یا علمائے سلف کی توضیح کی روشنی میں اخذ کئے گئے ہیں۔

کتاب کی تیاری

کتاب مرتب کرنے کا عمل قدرے حساس اور وقت طلب تھا۔ ہر آیت کو حرف بہ حرف بغور پڑھنے کے بعد آیت میں بیان کی گئی بات کا ایک موضوع تشکیل دیا جاتا۔ اگر پہلے سے موضوع قلمبند ہو چکا ہوتا تو آیت کا نمبر اس سے متعلقہ موضوع میں درج کیا جاتا۔ مثال کے طور پر سورۃ البقرہ کی آیت نمبر تین: [**اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ**] سے ''ایمان''، ''نماز'' اور ''مال (مال اللہ کی راہ میں خرچ کرنا)'' کے موضوعات اخذ کیے گئے۔

پھر ان موضوعات کے تحت سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ٣ کو اس انداز سے قلمبند کیا گیا:

''ایمان'' (البقرۃ ٢): ٣ (غیب پر ایمان)۔

''نماز'' (البقرۃ ٢): ٣ (پابندی)۔

''مال'' (مال اللہ کی راہ میں خرچ کرنا) (البقرۃ ٢): ٣۔

اگر ''موضوعات القرآن'' میں ہر موضوع سے متعلق آیات کو عربی میں تحریر کیا جاتا تو یہ دو یا دو سے زیادہ جلدوں میں شائع ہوتی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ قرآن کی اکثر آیات اس کتاب کے ایک سے زیادہ موضوعات میں درج کی گئی ہیں۔ مثلاً سورۃ الفاتحہ کی پہلی آیت اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کو دو موضوعات کے تحت قلم بند کیا گیا۔ ایک موضوع ''تعریف'' (تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں) اور دوسرا ''اللہ کی ربوبیّت''۔ دوسرا مسئلہ یہ تھا کہ اگر ایک موضوع سے متعلق تمام آیات کے صرف نمبر درج کر دیے جاتے تو اکثر قارئین کو کسی مخصوص آیت کی تلاش کے لئے بار بار قرآن سے آیات کی عربی عبارت کو پڑھنا پڑتا۔ مثلاً اگر کسی کو حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اپنی قوم کے بُت توڑنے کا واقعہ تلاش کرنا ہوتا تو اُسے ابراہیم علیہ السلام کے موضوع کے تحت درج آیات کے نمبروں کو اندازے کے ساتھ یا باری باری قرآن سے پڑھنا پڑتا۔

اس طرح عربی میں قرآنی آیات درج کرنے اور درج نہ کرنے، دونوں صورتوں میں ''موضوعات القرآن'' کی افادیت میں کمی واقع ہونے کا اندیشہ تھا۔ اللہ ﷻ کی توفیق سے یہ فیصلہ کیا گیا کہ تمام موضوعات میں تقریباً ہر آیت نمبر کے سامنے، آیت میں بیان کردہ بات سے متعلق ایک مختصر اشارہ (Foot note) درج کیا جائے۔ مثلاً حضرت ابراہیم علیہ السلام کا بُت توڑنے والا واقعہ اس طرح قلمبند کیا گیا: (الصّٰفّٰت ۳۷): ۹۰ (قوم کا میلے پر جانا)۔ ۹۱،۹۲ (بتوں سے تبرّک کی چیزیں نہ کھانے اور بات نہ کرنے کی وجہ پوچھنا)۔ ۹۳ (قوم کے بُت توڑنا)۔ ۹۴ تا ۹۶ (قوم کی واپسی پر دعوتِ فکر)۔ ۹۷ (قوم کا آگ میں ڈالنا)۔ ۹۸ (اللہ نے قوم کے داؤ سے بچایا)۔

موضوعات کی ترتیب

☆ ''موضوعات القرآن'' میں قرآن کے موضوعات کو ٹیبل میں درج اُردو حروفِ تہجی کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے:

آ	ا	ب	پ	ت	ٹ	ث	ج	چ	ح	خ	د	ڈ
ذ	ر	ڑ	ز	ژ	س	ش	ص	ض	ط	ظ	ع	غ
ف	ق	ک	گ	ل	م	ن	و	ہ	ی	ے		

☆ درج ذیل حروفِ تہجی کے تحت قرآن کا کوئی موضوع تشکیل نہیں دیا گیا:

ڑ	ژ	ے

☆ اُردو زبان میں کئی الفاظ کے ہم معنی لفظ بھی موجود ہیں۔ مثلاً لالچ کو طمع یا حرص بھی کہا جا سکتا ہے اور صبح کو دن بھی کہا جاتا ہے۔ لیکن کتاب میں روزمرہ استعمال کئے جانے والے الفاظ کو ہی موضوع کے طور پر منتخب کیا گیا ہے۔

☆ اُردو زبان میں عربی کے کئی الفاظ شامل ہیں۔ مثلاً تجسّس، بہتان وغیرہ۔ حتی الامکان کوشش کی گئی ہے کہ اس کتاب میں عربی کے بجائے روزمرہ اُردو زبان میں استعمال ہونے والے موضوع تشکیل دیے جائیں۔ مثلاً ''الصلوٰۃ'' کی جگہ ''نماز''، ''الصوم'' کی جگہ ''روزہ''۔

سورتوں کی ترتیب

☆ ہر موضوع کے تحت قرآن کی سورتوں کو ترتیبِ تلاوت کے اعتبار سے لکھا گیا ہے اور سورۃ کے نام کے ساتھ اس کا ترتیبِ تلاوت کا نمبر بھی درج ہے۔ مثلاً (الفاتحۃ ۱): -- (النسآء ٤): -- (العٰدیٰت ۱۰۰):

آیات کی ترتیب

☆ ایک موضوع سے متعلق تمام آیات کے نمبروں کو اُن کی سورت کے نام اور نمبر کے بعد لکھا گیا ہے۔ مثلاً ''تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں'' =(الفاتحة ۱): ا۔(الانعام ٦): ا۔۴۵۔(یونس ۱۰): ۱۰۔

☆ آیت نمبر کے سامنے ( ) میں لکھی گئی عبارت آیت کا ترجمہ نہیں ہے بلکہ آیت میں بیان کردہ چیز کے بارے میں ایک مختصر اشارہ ہے۔ مثلاً (الفاتحة: ۱): ۔ا (تمام تعریف اللہ کے لئے ہے)۔

☆ آیات کے نمبروں کے درمیان [،] [-] یا [تا] کا استعمال کیا گیا ہے۔

[،] کے ساتھ لکھی گئی آیات کے نمبروں میں کسی ایک ہی چیز کا ذکر ہے مثلاً (یوسف ۱۲): ۱۹،۲۰ (یوسف علیہ السلام کا بھائیوں کے ہاتھوں فروخت ہونا)۔

[-] کے ساتھ لکھی گئی آیات کے نمبروں میں مختلف چیزوں کا ذکر ہے۔ مثلاً (یوسف ۱۲): ۴۱ (یوسف علیہ السلام نے قیدیوں کو اُن کے خوابوں کی تعبیر بتائی)۔۴۲ (یوسف علیہ السلام کئی سال تک جیل میں رہے)۔

[تا] کے ساتھ لکھی گئے نمبروں کا مطلب ہے کہ اس آیت نمبر سے لے کر اس آیت تک ایک ہی بات کا ذکر ہے۔ مثلاً (یوسف ۱۲): ۲۳ تا ۲۹ (عورت کا یوسف علیہ السلام کو ورغلانا، یوسف علیہ السلام پر لگائے گئے الزام کا فیصلہ)۔

اظہارِ تشکر

کائنات کے تنہا شہنشاہ اور تمام طاقتوں کے مالک اللہ تعالیٰ کا بے حد شکر گزار ہوں کہ اُنہوں نے مجھ ناچیز اور گناہ گار کو عزت اور بلندیوں والے قرآن سے کچھ تعلق قائم کرنے کی سعادت نصیب فرمائی۔ یہ صرف رحمٰن و رحیم رب کی رحمت کا ہی نتیجہ ہے کہ مجھے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کردہ عظیم الشان اور لازوال معجزہ کے لئے اپنی زندگی کے کچھ لمحات وقف کرنے کی سعادت نصیب ہوئی، جبکہ ان گنت لوگ اس نعمت سے محروم ہیں۔ **فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ عَدَدَ مَا خَلَقَ**

عرش والے رب کے بعد اس کتاب کی تکمیل میرے والدین کی مہربانیوں کی مرہونِ منت ہے۔ میرے محترم والدین پر اللہ تعالیٰ کی لاتعداد رحمتیں ہوں جن کے مجھ پر لاتعداد احسانات ہیں۔ زندگی کے ہر لمحے والدِ محترم جناب انوار الحق راجپوت صاحب نے میری ہر آسائش اور دینی تربیت کا خیال رکھا اور اس کتاب کی تحقیق کے دوران والدہ محترمہ نے ہمیشہ میری ہمّت بڑھائی اور اس کتاب کی تکمیل اور کامیابی کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا گو رہیں۔ اللہ تعالیٰ سے التجا ہے کہ وہ اپنی رحمت سے اس کتاب کو میرے محترم والدین کے لئے صدقہ جاریہ اور رفع درجات کا ذریعہ بنا دیں۔

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا وَ جَزَاهُمَا اللّٰهُ أَحْسَنَ الْجَزَاءِ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ (آمین)

انجینئر زاہدنواز خان صاحب کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں جنہوں نے اس کتاب کی کامیابی کے لئے بھر پور کردار ادا کیا۔ اُنہوں نے اس کتاب کی ابتداء سے آخری مراحل تک میرا ساتھ دیا۔ میں نے کتاب کی کامیابی سے متعلق دقیق نکات پر جب بھی زاہد صاحب کو مشاورت کی زحمت دی تو اُنہوں نے انتہائی مفید مشوروں سے میری راہنمائی فرمائی۔ جناب زاہد نواز نے حضرت مولانا محمد خالد سیف حفظ اللہ سے زیرِ نظر کتاب کی نظر ثانی کی درخواست کی اور اُنہیں اس کی تصحیح و تنقیح پر آمادہ کیا۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو زاہدنواز خان صاحب کے لئے ذخیرۂ آخرت بنادیں اور اُنہیں اُن کے تعاون علی البرّ اور اخلاص کی بہترین جزاء عطا فرمائیں۔ (آمین)

اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اس کتاب کی تصحیح و تنقیح **مولانا محمد خالد سیف** حفظہ اللہ جیسی صاحبِ علم و فضل شخصیت نے فرمائی۔ محترم مولانا صاحب قرآن فہمی کی خداداد صلاحیتوں سے مالا مال ہیں اور اُنہیں عربی زبان پر مکمل عبور حاصل ہے۔ اُن کی کئی علمی خدمات میں سے ایک دارالسلام انٹرنیشنل پبلشرز کی پانچ جلدوں میں شائع کردہ تفسیر ابن کثیر ہے جس کا اُردو ترجمہ مولانا محمد خالد سیف صاحب نے فرمایا۔ مولانا صاحب کا قرآن اور حدیث سے لگاؤ اور علمی ذوق مسلّم ہے۔ انہوں نے اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد میں اپنے علم و فن کی خدمات پیش کیں۔ مجھے اپنے بچپن سے ہی مولانا صاحب کے جمعۃ المبارک کے خطبوں اور دیگر دروس میں شرکت کی سعادت حاصل ہوئی۔ اُن کا شمار اسلام آباد اور فیصل آباد کے ممتاز اور ہر دل عزیز علمائے اسلام میں سے ہوتا ہے۔ میں محترم مولانا صاحب کا بے حد شکر گزار ہوں کہ اُنہوں نے اپنی علمی مصروفیات کے باوجود کتاب کے لیے اپنا نہایت قیمتی وقت صرف کیا۔ کتاب کی تیاری کے 8 سال کے عرصے (2005-2013) میں محترم مولانا محمد خالد سیف صاحب نے کتاب کی 5 مرتبہ تصحیح و تنقیح فرمائی اور "موضوعاتُ القرآن" میں انتہائی قابلِ قدر اصلاح و اضافہ فرمایا۔ محترم مولانا موصوف نے پہلی ہی مرتبہ تقریباً ساٹھ نئے موضوعات کی نشاندہی کی اور شرک اور توحید جیسے بڑے موضوعات کو مزید چھوٹے موضوعات میں تقسیم کرنے کی نہایت مفید نصیحت فرمائی۔ مزید برآں "احکام القرآن الجصّاص"، "احکام القرآن ابن العربی" اور "تفسیرُ القرطبی" جیسی مفصل تفاسیر سے استفادہ کرنے کی نصیحت فرمائی۔

محترم مولانا محمد خالد سیف صاحب کی گراں قدر ہدایات کے باعث زیرِ نظر کتاب کے کُل موضوعات کی تعداد (787 بڑے موضوعات کے ساتھ چھوٹے موضوعات جمع کر کے) 1300 سو سے تجاوز کر گئی اور بلاشبہ اُن کی نظر ثانی، اصلاح و ترمیم اور اظہارِ اعتماد سے اس کتاب کی قدر و منزلت میں نمایاں اضافہ ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اُنہیں اجرِ عظیم عطا فرمائیں اور اس کتاب کو اُن کی باقیات الصالحات میں شامل فرمائیں۔ (آمین)

Islamic Research Institute, Dr.Hamid-Ullah Library Islamabad کے جناب عرفان حیدر بٹ کا شکر گزار ہوں کہ اُنہوں نے کتاب کی تیاری کے دوران مجھے لائبریری سے مطلوبہ کتب فراہم کرنے میں مدد کی اور 7 سال (2005 تا 2012) کے دوران مجھ سے ہمیشہ بہت خندہ پیشانی سے پیش آئے۔

جناب شوکت حیات ملک کا بے حد ممنون ہوں جو کتاب کی ترتیب کے ابتدائی ایام سے لے کر آخری مراحل تک تکمیل اور کامیابی کے لئے دعا گو رہے اور میرے عزم کو تقویت بخشتے رہے۔

قرآنِ کریم ربُّ العالمین کا کلام ہے جو العلیم اور الحکیم ہیں۔کلامِ الٰہی کے ہر لفظ اور ہر آیت میں علم و حکمت کے لاتعداد خزانے مخفی ہیں۔میں اس بات کا معترف ہوں کہ اپنی کم علمی کے باعث قرآن کے کئی موضوعات زیرِ نظر کتاب میں شامل نہیں کر سکا۔ مزید یہ کہ احتیاط کے باوجود شاید کتاب میں میری کوئی غفلت یا کوتاہی رہ گئی ہوگی۔اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے کوتاہیوں کو معاف فرمائیں اور کتاب کی اصلاح اور بہتری کی راہ پیدا فرما دیں۔علمائے کرام اور اہلِ علم سے درخواست ہے کہ اگر وہ زیرِ نظر کتاب میں کوئی کمی بیشی ملاحظہ فرمائیں تو اپنی قیمتی رائے سے ضرور آگاہ فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اصلاح کی جاسکے۔

اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اس معمولی سی کوشش کو شرفِ قبولیت عطا فرمائیں اور اسے اہلِ علم کے لئے مفید اور پسندیدہ بنا دیں۔ (آمین)

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْم ۔ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ اَوَّلاً وَ آخِراً وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّد(صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمْ) وَ آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْن

نعمان انوار

5 مارچ، 2013ء

اسلام آباد

zarb_e_aahan@yahoo.com

[آ]

1۔ آخرت

(ال عمران ۳): ۱۴ (بہترین ٹھکانہ اللہ ہی کے پاس ہے)۔ ۱۹۸ (جو اللہ کے پاس ہے وہ نیک لوگوں کے لیے بہترین ہے)۔ (النسآء ٤): ۷۷ (آخرت متقین کے لئے بہت بہتر ہے)۔ ۹۴ (اللہ تعالیٰ کے پاس لاتعداد نعمتیں ہیں)۔ (الانعام ٦): ۳۲ (آخرت کا گھر متقین کے لیے بہت بہتر ہے)۔ (الاعراف ۷): ۱۶۹۔ (یوسف ۱۲): ۵۷ (آخرت کا ثواب مومنین اور متقین کے لیے بہت بہتر ہے)۔ ۱۰۹۔ (النحل ١٦): ۳۰ (آخرت کا گھر بہت بہتر ہے اور کیا خوب گھر ہے متقین کا)۔ ۴۱ (آخرت کا اجر بہت بڑا ہے)۔ ۹۵ (یقیناً جو اللہ کے پاس ہے وہ تمہارے لیے بہت بہتر ہے، کاش تمہیں علم ہو)۔ ۹۶ (تمہارے پاس جو کچھ ہے وہ فانی ہے اور اللہ تعالیٰ کے پاس جو کچھ ہے وہ ہمیشہ باقی رہنے والا ہے)۔ (بنی اسرائیل ۱۷): ۲۱ (درجات اور فضیلت کے اعتبار سے آخرت بہت بڑی ہے)۔ (طٰہٰ ۲۰): ۱۳۱ (تمہارے رب کا رزق بہترین ہے اور ہمیشہ باقی رہنے والا ہے)۔ (القصص ۲۸): ۶۰ (جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ بہترین اور ہمیشہ باقی رہنے والا ہے)۔ ۸۰۔ ۸۳۔ (العنکبوت ۲۹): ۶۴ (آخرت ہی اصل زندگی ہے، کاش انہیں علم ہو)۔ (المؤمن ٤٠): ۳۹ (آخرت ہی ہمیشہ رہنے کا گھر ہے)۔ (الشوریٰ ٤٢): ۳۶ (جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ مومنین اور توکل کرنے والوں کے لیے بہترین ہے اور ہمیشہ باقی رہنے والا ہے)۔ (الزخرف ٤٣): ۳۵ (تمہارے رب کے پاس آخرت کی تمام نعمتیں متقین ہی کے لیے ہیں)۔ (الحدید ٥٧): ۲۰ (آخرت میں شدید عذاب اور اللہ کی مغفرت اور رضامندی ہے)۔ (الجمعة ٦٢): ۱۱ (جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ کھیل تماشے اور تجارت سے بہت بہتر ہے)۔ (التغابن ٦٤): ۱۵ (اللہ تعالیٰ کے پاس اجرِ عظیم ہے)۔ (الاعلیٰ ۸۷): ۱۷ (آخرت دنیا سے بہت بہتر اور ہمیشہ باقی رہنے والی ہے)۔ ۱۸، ۱۹ (یہی بات ابراہیم علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کے صحائف میں بھی درج تھی)۔ (الضحیٰ ۹۳): ۴ (آخرت دنیاوی زندگی سے بہت بہتر ہے)۔

1۔[۲]۔ آخرت کے طلب گار

(البقرة ۲): ۲۰۱ (اللہ تعالیٰ سے دنیا و آخرت دونوں کی بھلائی طلب کرنے والے)۔ ۲۰۲۔ ۲۰۷ (لوگوں میں سے ایک شخص وہ ہے جو اپنی جان کو اللہ کی رضا کی خاطر بیچ دیتا ہے)۔ (ال عمران ۳): ۱۴۵۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (النسآء ٤): ٧٤ (اللہ تعالیٰ کی راہ میں وہ لوگ قتال کرتے ہیں جو دنیا کی زندگی کو آخرت کے بدلے میں بیچ دیتے ہیں)۔(بنی اسرائیل ١٧): ١٩ (جو آخرت کا طلب گار ہو اور اس کے لیے مقدور بھر کوشش کرے تو ایسے لوگوں کی ہی کوشش اللہ کے ہاں مقبول ہوگی)۔(القصص ٢٨): ٨٠۔(الاحزاب ٣٣): ٢٩ (اللہ تعالیٰ نے آخرت کی طلب گار عورتوں کے لئے عظیم ثواب تیار کر رکھا ہے)۔(صٓ ٣٨): ٤٦ (اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو آخرت کی یاد سے خصوصاً نوازا تھا)۔(الشوریٰ ٤٢): ٢٠ (جو آخرت کی کھیتی کا طلب گار ہو اللہ تعالیٰ اُس کی کھیتی میں اضافہ فرمائیں گے)۔

1۔[٣]۔ آخرت کا عذاب

(البقرة ٢): ٨٥۔٨٦۔١١٤۔١٦٥۔١٦٦۔(ال عمرٰن ٣): ٧٧۔(المآئدة ٥): ٣٦۔٣٧۔(الانعام ٦): ١٥۔(الانبیآء ٢١):١٢۔(الحدید ٥٧):٢٠۔

2۔ آداب

2۔[١]۔چال کے آداب

(بنی اسرائیل ١٧): ٣٧ (زمین پر اکڑ کر مت چلو)۔(الفرقان:٢٥):۔٦٣ (اللہ کے بندوں کی عاجزی اور وقار والی چال)۔(القصص ٢٨): ٢٥ (عورتوں کی شرم وحیا والی چال)۔(لقمٰن ٣١): ١٨ زمین پر اکڑ کر مت چلو)۔١٩ (چال میں میانہ روی)۔

2۔[٢]۔کھانے کے آداب

(الاعراف ٧): ٣١ (کھاؤ پیو اور حد سے تجاوز مت کرو)۔(النّور ٢٤): ٦١ (کن گھروں سے کھانا کھانے میں کوئی حرج نہیں؟، ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاؤ یا الگ الگ، کھانے کے آداب)۔(الاحزاب ٣٣): ٥٣ (کھانے کی دعوت کے آداب)۔

2۔[٣]۔گفتگو کے آداب

(لقمٰن ٣١): ١٩ (اپنی آواز پست رکھو)۔(الاحزاب ٣٣): ٣٢ (نامحرم سے نرم لہجے میں بات کی ممانعت)۔

2۔[٤]۔گھر میں داخل ہونے کے آداب

(النّور ٢٤): ٢٧ (اجازت لئے بغیر اور سلام کئے بغیر کسی کے گھر میں مت داخل ہو)۔٢٨ (اگر گھر میں کسی کو نہ پاؤ تو اجازت ملے بغیر اُس گھر میں مت جاؤ۔ اگر تمہیں لوٹ جانے کو کہا جائے تو واپس چلے جاؤ)۔٢٩ (جہاں کوئی نہ بستا ہو اُن گھروں میں داخل ہونے کی اجازت)۔٥٨ (غلاموں کا تین اوقات میں بغیر اجازت گھر میں داخلہ ممنوع)۔٥٩ (جو بچے بلوغت کو پہنچ جائیں وہ بھی اجازت لے کر گھر میں داخل ہوں)۔٦١ (جب تم گھر میں داخل ہونے لگو تو گھر والوں کو سلام کہو)۔

2۔[۵]۔مجلس کے آداب

(النسآء ٤): ۱۴۰ (دین سے مذاق کی مجلس میں جانے کی ممانعت)۔(الانعام ٦):۵۲ (غریب مؤمنین کومجلس سے ہٹانے کی ممانعت)۔٦٨ (دین سے مذاق کی مجلس میں جانے کی ممانعت)۔(المجادلة ٥٨): ۱۱ (مجلس میں شرکت کے آداب)۔

2۔[٦]۔نماز کے آداب

(البقرة ٢) :۔۲۳۸ (نماز میں باادب کھڑے ہو)۔(بنی اسرائیل ١٧): ۱۱۰ (نماز میں درمیانی آواز سے قرأت)۔
(المؤمنون ٢٣): ۲ (نماز میں خشوع)۔

3۔ آدم علیہ السلام

(البقرة ٢):۳۰ (خلیفہ)۔۳۱ تا ۳۳ (اللہ تعالیٰ کا آدم علیہ السلام کو نام سکھانا)۔۳۴ (شیطان کا آدم علیہ السلام کو سجدہ سے انکار) ۔ ۳۵ (ممنوعہ درخت کے نزدیک جانے کی ممانعت)۔۳۶ (زمین پر جانے کا حکم)۔۳۷ (توبہ)۔۳۸ (اللہ کا توبہ قبول فرما کر زمین پر جانے کا حکم)۔(اٰل عمران ٣): ۳۳۔۵۹ (آدم علیہ السلام کی تخلیق)۔(النسآء ٤): ۱ (آدم علیہ السلام اور حوا علیہا السلام)۔ (الاعراف ٧):۱۱ (سجدہ کا حکم)۔۱۹ (آدم علیہ السلام اور حوا علیہا السلام کو درخت کے پاس جانے کی ممانعت)۔۲۰،۲۱ (شیطان کا ممنوعہ درخت کا پھل کھانے پر اُکسانا)۔۲۲ (ممنوعہ درخت کا پھل کھانے پر آدم علیہ السلام اور حوا علیہا السلام کے ستر کھلنا اور جنت کے پتوں سے ستر ڈھانپنا)۔۲۳ (اللہ سے مغفرت اور رحمت کی دعا)۔۲۴،۲۵ (جنت سے زمین پر بھیجے گئے)۔۱۸۹ (آدم علیہ السلام اور حوا علیہا السلام کی تخلیق)۔(الحجر ١٥):۲۸ (آدم علیہ السلام کی تخلیق)۔۲۹ (سجدے کا حکم)۔(بنی اسرائیل ١٧): ٦١ (شیطان کا آدم علیہ السلام کو سجدہ سے انکار،مٹی سے تخلیق)۔(مریم ١٩): ۵۸۔(طٰہٰ ٢٠): ۱۱۵ (بھول)۔۱۱٦ (سجدے کا حکم)۔ ۱۱۷ (اللہ نے متنبہ فرمایا شیطان تمہارا اور تمہاری بیوی کا دشمن ہے،کہیں جنت سے نہ نکلوا دے)۔۱۱۸،۱۱۹ (اللہ نے جنت کی نعمتیں یاد دلائیں)۔۱۲۰ (شیطان کا بہکانا)۔۱۲۱ (ممنوعہ درخت سے کھانے پر آدم علیہ السلام اور حوا علیہا السلام کے ستر کھلنا اور جنت کے پتوں سے ستر ڈھانپنا)۔۱۲۲۔۱۲۳ (جنت سے نکلے)۔(صٓ ٣٨): ۷۱ (مٹی سے تخلیق)۔۷۲ (اللہ نے اپنی روح پھونکی،فرشتوں کو سجدے کا حکم)۔۷۳ (تمام فرشتوں نے سجدہ کیا)۔۷۴ (ابلیس کا سجدے سے انکار)۔۷۵ (اللہ نے اپنے ہاتھوں سے آدم علیہ السلام کی تخلیق فرمائی)۔۷٦ (مٹی سے تخلیق)۔(الزمر:٣٩):۔٦ (آدم علیہ السلام اور حوا علیہا السلام کی تخلیق)۔(الحجرات ٤٩):۱۳۔

3۔[۲]۔ آدم علیہ السلام کی اولاد سے اللہ کا خطاب (یٰبَنِیۡۤ اٰدم)

(الاعراف ٧): ۲٦۔۲۷۔۳۱۔۳۵۔(بنی اسرائیل ١٧):۷۰ (بنی آدم پر احسانات)۔(یٰسٓ ٣٦): ٦٠۔

4۔ آرزو (اہلِ کتاب کی جھوٹی آرزوئیں)

(البقرة ۲): ۱۱۱۔(الحجر ۱۵):۳۔(الحديد ۵۷): ۱۴۔

5۔ آزاد

(البقرة ۲): ۱۷۷ (غلام آزاد کرنا)۔۱۷۸ (آزاد انسان کے بدلے آزاد انسان بطور قصاص)۔(النسآء ٤): ۲۵ (آزاد مومن عورت)۔۹۲ (غلام کو آزاد کرنا)۔ (المآئدة ٥) : ۸۹ (غلام کو آزاد کرنا)۔ (التوبة ۹): ۶۰ (غلام کو آزاد کرنا)۔ (النور ٢٤): ۳۳ (اگر غلام پیسے دے کر آزادی چاہیں تو اُن کی مدد کرو)۔(المجادلة ٥٨): ۳ (غلام آزاد کرنا)۔ (البلد ۹۰): ۱۳ (غلام آزاد کرنا)۔

6۔ آزمائش

(البقرة ۲): ۱۲۴ (ابراہیمؑ کی آزمائشوں میں کامیابی)۔۱۴۳ (قبلہ کی تبدیلی سے آزمائش)۔۱۵۵ (خوف، بھوک، مال، جان اور پھلوں کے نقصان سے آزمائش)۔۲۱۴۔(ال عمرن ۳): ۱۴۲۔۱۵۲۔۱۵۴۔۱۷۹۔۱۸۶۔(المآئدة ٥) :۴۸۔ ۹۴۔(الانعام ٦): ۵۳ (غریب مؤمنین سے گمراہوں کی آزمائش)۔۱۶۵ (اللہ تعالیٰ کا انسانوں کو ایک دوسرے پر دنیاوی برتری عطا فرمانا آزمائش ہے)۔(الاعراف ۷): ۹۴۔۹۵۔۱۳۰۔۱۶۸۔(التوبة ۹): ۱۶۔(یونس ۱۰): ۱۴۔ (هود ۱۱): ۷۔(النحل ١٦): ۹۲۔(بنی اسرائیل ۱۷): ۶۰ (معراج اور زقوم کے درخت سے آزمائش)۔ (الکهف ۱۸): ۷ (زمین کی تمام زینت کی اشیاء لوگوں کے لئے آزمائش ہیں)۔(طٰه ۲۰): ۱۳۱ (دنیا کی رونق والی اشیاء سے انسان کی آزمائش)۔(الانبیآء ۲۱): ۳۵ (ہم تمہیں برائی اور بھلائی سے آزماتے ہیں)۔(الحج ۲۲): ۵۳۔ (المؤمنون ۲۳): ۳۰۔(الفرقان ۲۵): ۲۰۔(النمل ۲۷): ۴۰ (اللہ کا کسی پر فضل فرمانا اُس کی شکر گزاری یا ناشکری کی آزمائش ہوتی ہے)۔(العنکبوت ۲۹): ۲ (کیا ایمان کے دعوے داروں نے گمان کر رکھا ہے کہ انہیں بغیر آزمائش کے چھوڑ دیا جائے گا)۔۳ (اللہ نے پہلے لوگوں کی بھی آزمائش کی)۔۱۱ (آزمائش سے مومن اور منافق کا فرق)۔۱۰ (دین کی راہ میں آزمائش کو اللہ کا عذاب سمجھنا)۔۱۱ (اللہ مومنین اور منافقین کو جان کر رہے گا)۔(الاحزاب ۳۳): ۱۱ (غزوہ احزاب میں مومنین کی آزمائش)۔(الصّٰفّٰت ۳۷): ۱۰۶۔(صٓ ۳۸): ۲۴ (داؤد علیہ السلام کی آزمائش)۔۳۴ (سلیمان علیہ السلام کی آزمائش)۔ (الزمر ۳۹): ۴۹ (اللہ کی نعمتیں آزمائش ہیں)۔

بقیہ حاشیہ: (محمد ٤٧): ۴ (جہاد سے آزمائش)۔۳۱ (جہاد سے آزمائش)۔(الحدید ٥٧): ۲۵ (اللہ تعالیٰ آزماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو دیکھے بغیر دین کی مدد کون کرتا ہے)۔(الملک ٦٧): ۲ (زندگی اور موت کا مقصد آزمائش ہی ہے)۔(الجن ٧٢): ۱۷۔(المدثر ٧٤): ۳۰،۳۱ (دوزخ پر ۱۹ فرشتے مقرر ہیں، اللہ تعالیٰ نے یہ تعداد آزمائش کے لئے مقرر کی ہے)۔ (الفجر ٨٩): ۱۵ (عزت اور نعمت سے آزمائش)۔۱۶ (رزق کی تنگی سے انسان کی آزمائش)۔

7۔ آسمان

(البقرة ٢): ۲۲ (چھت)۔۲۹ (سات آسمان)۔۱۰۷۔۱۱۷۔۱۶۴ (آسمانوں کی تخلیق میں عقلمندوں کے لئے نشانیاں ہیں)۔ (ال عمرٰن ٣): ۱۹۰۔۱۹۱۔(الانعام ٦): ۱۔۳۔۷۳۔۷۹۔(الاعراف ٧): ۱۰۔۵۴ (چھ دن میں تخلیق)۔ (التوبة ٩): ۳۶۔(یونس ١٠): ۳ (چھ دن میں تخلیق)۔۶۔۱۰۱ (دیکھو آسمان میں کیا کچھ ہے)۔(هود ١١): ۷ (چھ دن میں تخلیق،تخلیق کا مقصد آزمائش ہے)۔۴۴ (آسمان سے اللہ کا خطاب)۔(الرعد ١٣): ۲ (آسمانوں کو بغیر ستونوں کے بلند کیا)۔۳۔(ابرٰهیم ١٤): ۱۹۔۳۲۔(الحجر ١٥): ۱۶ (آسمان کے بُرج)۔۱۷،۱۸ (آسمان کی شیاطین سے حفاظت)۔۱۹،۲۰ (زمین)۔۸۵۔(النحل ١٦): ۳ (حق کے ساتھ تخلیق)۔۱۲۔۶۵۔(الکهف ١٨): ۷ (تخلیق کا مقصد)۔۵۱ (آسمان کی تخلیق میں شیاطین وشرکاء شامل نہ تھے)۔(طٰه ٢٠): ۴۔(الانبیآء ٢١): ۱۶ (ہم نے آسمان وزمین اوران کے درمیان کی اشیاء کو کھیل تماشے کے لئے نہیں بنایا)۔۳۰ (آسمان وزمین پہلے ملے ہوئے تھے پھر ہم نے انہیں جدا کیا)۔ ۳۲ (آسمان کو محفوظ چھت بنایا)۔(الحج ٢٢): ۶۴۔۶۵ (اللہ تعالیٰ نے آسمان کو زمین پر گرنے سے روک رکھا ہے)۔ (المؤمنون ٢٣): ۱۷ (سات آسمان)۔۱۸۔۸۴۔۸۶۔(النور ٢٤): ۳۵ (اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کا نور ہے)۔ (الفرقان:٢٥): ۔۵۹ (۶ دن میں تخلیق)۔۶۱ (آسمان میں برج)۔(النمل ٢٧): ۲۵ (اللہ تعالیٰ آسمانوں کی پوشیدہ چیزوں کو باہر نکالتا ہے)۔۶۰ (آسمان کو کس نے پیدا کیا؟)۔(العنکبوت ٢٩): ۴۴ (حق کے ساتھ تخلیق)۔ ۶۱ (آسمان کا اللہ تعالیٰ ہی خالق ہے)۔(الروم ٣٠): ۸ (اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین اوران کے درمیان کی چیزوں کو ایک وقتِ مقرر تک کے لئے بنایا)۔۲۲ (آسمان کی تخلیق میں اللہ کی نشانی)۔۲۵ (اللہ کے حکم سے قائم ہیں)۔(لقمٰن ٣١): ۱۰ (اللہ نے بغیر ستونوں کے آسمان بنائے)۔۲۰ (اللہ تعالیٰ نے آسمان کو تمہارے لئے مسخر کر دیا)۔(السجدة ٣٢): ۴ (چھ دن میں تخلیق)۔ (سبا ٣٤): ۹۔(فاطر ٣٥): ۱ (بغیر کسی نمونے کے آسمان کی تخلیق)۔۴۱ (اللہ نے آسمان وزمین کو تھام رکھا ہے، اگر آسمان وزمین ہٹ جائیں تو اللہ تعالیٰ کے سوا انہیں کوئی نہ تھام سکے)۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (الصّٰفّٰت ۳۷): ۶،۷ (آسمان کو ستاروں سے سجایا گیا، شیاطین سے حفاظت)۔(صٓ ۳۸): ۲۷ (آسمان کی تخلیق بے مقصد نہیں)۔(الزمر ۳۹): ۵ (حق کے ساتھ تخلیق)۔۶۳ (اللہ آسمانوں کی کنجیوں کا مالک ہے)۔(المؤمن ۴۰): ۱۳ (آسمان سے رزق کا نزول)۔۵۷ (آسمان کی تخلیق انسان کی تخلیق سے زیادہ مشکل ہے)۔۶۴ (آسمان چھت)۔(حٰمٓ السّجدة ۴۱): ۱۱ (آسمان پہلے دھنواں تھا، اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین سے کہا تم خوشی سے آؤ یا زبردستی، دونوں نے کہا ہم خوشی سے حاضر ہیں)۔۱۲ (دو دن میں ۷ آسمانوں کی تخلیق، ہر آسمان میں اُس کی وحی فرمائی، آسمان کو ستاروں سے سجایا گیا، شیاطین سے حفاظت)۔(الشوریٰ ۴۲): ۵ (قریب ہے کہ آسمان پھٹ پڑیں)۔۱۱۔۲۹۔(الزخرف ۴۳): ۹۔ (الدخان ۴۴): ۳۸،۳۹ (آسمان کی تخلیق کا مقصد کھیل تماشہ نہیں)۔(الجاثية ۴۵): ۳ (یقیناً آسمانوں میں مومنین کے لئے بہت نشانیاں ہیں)۔۱۳ (آسمان کی ہر چیز انسان کے تابع)۔۲۲ (آسمان کی تخلیق کا مقصد)۔(الاحقاف ۴۶): ۳ (آسمان کی تخلیق با مقصد اور وقتِ معین تک کے لئے کی گئی)۔۴ (شرکاء نے آسمان میں کون سی تخلیق کی ہے؟)۔۳۳ (اللہ آسمان کی پیدائش سے بالکل نہ تھکا)۔(قٓ ۵۰): ۶ (مزین، آسمان میں کوئی شگاف نہیں)۔۳۸ (۶ دن میں تخلیق، اللہ کو تھکن نے چھوا بھی نہیں)۔(الذّٰریٰت ۵۱): ۷ (راہوں والے آسمان کی قسم)۔۲۲ (تمہارا رزق آسمان میں ہے)۔۲۳ (آسمان کے رب کی قسم)۔۴۷ (اللہ نے آسمان کو اپنے پُر جلال ہاتھوں سے بنایا)۔(الطّور ۵۲): ۵ (اُونچی چھت کی قسم)۔(النجم ۵۳): ۳۱ (تخلیق کا مقصد)۔(الرحمٰن ۵۵): ۷ (اللہ نے آسمان کو بلند کیا)۔۳۳ (اے جن وانس اگر تم آسمان کے کناروں سے نکل سکتے ہو تو نکل جاؤ)۔(الحديد ۵۷): ۴ (۶ دن میں تخلیق)۔(التغابن ۶۴): ۳ (با مقصد تخلیق)۔(الطلاق ۶۵): ۱۲ (اللہ نے سات آسمان بنائے)۔(الملك ۶۷): ۳،۴ (آسمانوں کو تہ بہ تہ پیدا فرمایا، آسمان میں تم کوئی فرق یا شگاف نہیں ڈھونڈ سکتے)۔۵ (آسمان کو ستاروں سے سجانا، شیاطین سے حفاظت)۔۲۴۔(نوح ۷۱): ۱۵ (اُوپر تلے سات آسمان)۔(الجن ۷۲): ۸،۹ (جنات سے حفاظت)۔(النّبا ۷۸): ۱۲ (سات مضبوط آسمان)۔(النّٰزعٰت ۷۹): ۲۷ (تمہارا پیدا کرنا مشکل ہے یا آسمان کا؟)۔ ۲۸ (آسمان کو بلند کیا اور برابر کیا)۔۲۹ (آسمان کے دن کو روشن اور رات کو تاریک کیا)۔(البروج ۸۵): ۱ (بُرجوں والے آسمان کی قسم)۔(الطارق ۸۶): ۱ (آسمان کی قسم)۔۱۱ (بارش والے آسمان کی قسم)۔(الغاشية ۸۸): ۱۸ (آسمان کو نہیں دیکھتے کہ کس طرح بلند کیا گیا ہے)۔(الشمس ۹۱): ۵ (آسمان کی قسم)۔

8۔ آگ (روزمرہ استعمال کی آگ)

(البقرة ۲): ۱۷۔(یٰسٓ ۳۶): ۸۰۔(الواقعة ۵۶): ۷۱،۷۲ (تم جو آگ سُلگاتے ہو، اس کے درخت کو تم نے پیدا کیا ہے یا اللہ نے؟)۔۷۳ (اللہ نے آگ کو نصیحت حاصل کرنے کا باعث بنایا اور اس میں بہت فوائد ہیں)۔

9۔ آنسو

(المآئدة ٥): ۸۳ (قرآن سُن کر اہلِ کتاب کا رونا)۔(التوبة ٩): ۹۲ (جہاد میں شرکت نہ کر سکنے کے باعث)۔

10۔ آنکھ

(البقرة ٢): ۷ (آنکھوں پر مہر ہونا)۔۲۰ (بجلی کی چمک کا بصارت چھیننا)۔۲۶۷ (آنکھیں بند کر کے برا مال قبول کرنا)۔ (ال عمرٰن ٣): ۱۳ (کفار کو اپنی آنکھوں سے دوگنا دیکھا)۔(المآئدة ٥): ۴۵ (آنکھ کے بدلے آنکھ)۔۸۳ (آنکھوں کا آنسوؤں سے بھرنا)۔(الانعام ٦): ۴۶ (اگر اللہ تعالیٰ بصارت چھین لے تو اُس کے سوا کون سا خدا تمہیں یہ واپس لوٹا سکتا ہے؟)۔(الاعراف ٧): ۱۱۶ (جادو سے نظر بندی)۔۱۷۹ (جہنم کے لئے بنائے گئے لوگوں کی آنکھیں ہیں لیکن وہ ان سے نہیں دیکھتے)۔۱۹۵ (جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو کیا اُن کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھ سکیں؟)۔(الانفال ٨): ۴۴ (اللہ نے کفار کو تمہارے آنکھوں میں کم دکھایا اور کفار کی آنکھوں میں تمہیں کم دکھایا)۔(یونس ١٠): ۳۱ (آنکھوں کا مالک کون ہے؟)۔ (ھود ١١): ۳۱ (میں نہیں کہتا کہ جو لوگ تمہاری آنکھوں میں حقیر ہیں اللہ انہیں ہرگز بھلائی نہیں عطا فرمائے گا)۔(یوسف: ١٢): ۸۴ (یعقوبؑ کی آنکھیں غم سے سفید ہوگئیں)۔(ابرٰھیم ١٤): ۴۲ (قیامت کے دن آنکھیں خوف سے پھٹی رہ جائیں گی)۔۴۳ (قیامت کے دن نگاہیں اُن کی طرف نہیں پلٹیں گی)۔(الحجر ١٥): ۱۵ (آسمان کے دروازوں میں چڑھ کر بھی کفار کہیں گے کہ ہماری نظر بندی کر دی گئی ہے)۔(النحل ١٦): ۷۷ (قیامت کا وقوع آنکھ کے جھپکنے جیسا ہے یا اس سے بھی جلدی)۔۷۸ (اللہ نے تمہیں آنکھیں عطا فرمائیں تاکہ تم شکر کرو)۔۱۰۸ (آنکھوں پر مہر)۔(بنی اسرائیل ١٧): ۳۶ (آنکھ کی پوچھ ہوگی)۔(الکھف ١٨): ۲۸ (اپنی آنکھیں دنیا کی زینت چاہنے والوں کی طرف نہ پھیرو)۔۱۰۱ (آنکھیں اللہ کے ذکر سے پردے میں)۔(الانبیآء ٢١): ۶۱ (ابراہیمؑ کو لوگوں کی آنکھوں کے سامنے لاؤ)۔(الحج ٢٢): ۴۶ (صرف آنکھیں ہی اندھی نہیں ہوتیں بلکہ سینوں میں موجود دل بھی)۔(المؤمنون ٢٣): ۷۸ (تم بصارت کا بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہو)۔ (النّور ٢٤): ۳۰ (مؤمن مردوں کو آنکھیں نیچی رکھنے کا حکم)۔۳۱ (مؤمن عورتوں کو آنکھیں نیچی رکھنے کا حکم)۔۳۷ (روزِ قیامت آنکھوں کا اُلٹنا)۔۴۳ (بجلی کی چمک کا بصارت چھیننا)۔۴۴ (دن اور رات میں آنکھوں والوں کے لئے عبرت)۔ (النمل ٢٧): ۴۰ (میں آنکھ جھپکنے سے پہلے ملکہ سبا کا تخت لا سکتا ہوں)۔(السجدة ٣٢): ۹ (تم بصارت کا بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہو)۔(الاحزاب ٣٣): ۱۰ (غزوہ احزاب میں آنکھیں دہشت زدہ ہوگئیں)۔۱۹ (خوف کے وقت منافقین کی آنکھیں موت کے وقت غشی جیسی)۔(یٰسٓ ٣٦): ۶۶ (اللہ چاہے تو اندھا کر دے)۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (المؤمن ٤٠): ١٩ (اللہ تعالیٰ آنکھوں کی خیانت سے خوب واقف ہیں)۔(حٰمٓ السّجدة ٤١): ٢٠ تا ٢٢ (قیامت کے دن آنکھوں کا گواہی دینا)۔(الزخرف ٤٣): ٧١ (جنت میں ہر وہ چیز ہے جس سے آنکھیں لذت محسوس کریں)۔(الجاثية ٤٥): ٢٣ (بصارت پر پردہ)۔(الاحقاف ٤٦): ٢٦ (عذاب یافتہ لوگوں کو کوئی فائدہ نہ دیا)۔(النجم ٥٣): ١٧ (محمد ﷺ کی آنکھیں نہ کسی اور طرف مائل ہوئیں اور نہ حد سے گزریں)۔(القمر ٥٤): ٧ (روزِ قیامت لوگوں کا جھکی آنکھوں سے قبروں سے نکلنا)۔٥٠ (اللہ کا حکم آنکھ جھپکنے کی طرح پورا ہو جاتا ہے)۔(الملك ٦٧): ٤ (آسمان میں نقص تلاش کرنے کے لئے بار بار دیکھنے پر تمہاری آنکھیں ناکام لوٹ آئیں گی)۔٢٣ (تم بصارت کا بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہو)۔(القلم ٦٨): ٤٣ (روزِ قیامت پنڈلی کھلنے پر اُن کی آنکھیں جھکی ہوں گی)۔٥١ (قرآن سنتے ہوئے کفار کی آنکھوں کی کیفیت)۔(المعارج ٧٠): ٤٤ (روزِ قیامت کفار کی آنکھیں جھک رہی ہوں گی)۔(النّٰزعٰت ٧٩): ٩ (روزِ قیامت لوگوں کی آنکھیں جھکی ہوں گی)۔(البلد ٩٠): ٨ (کیا ہم نے اُسے دو آنکھیں نہیں دی؟)۔(التكاثر ١٠٢): ٧ (اُس دن تم جہنم کی آگ کو یقین کی آنکھ سے دیکھو گے)۔

[ا]

11۔ ابابیل

(الفیل ۱۰۵): ۴۔

12۔ ابراہیم علیہ السلام

(البقرة ۲): ۱۲۴ (اللہ تعالیٰ کی آزمائشوں پر پورے اُترے، تمام لوگوں کے پیشوا)۔۱۲۵ (مقامِ ابراہیم، بیت اللہ کو پاک رکھنے کا وعدہ)۔۱۲۶ (مکہ معظمہ کو پُرامن اور پھلوں کی کثرت والا شہر بنانے کی دعا)۔۱۲۷ (کعبہ کی بُنیادیں اُٹھاتے ہوئے قبولیت کی دعا)۔ ۱۲۸ (مناسک سکھانے کی دعا)۔۱۲۹ (رسول مبعوث کرنے کی دعا)۔۱۳۰ (ملّتِ ابراہیم سے اعراض کرنا بیوقوفوں کا کام، دنیا و آخرت میں شان وعظمت)۔۱۳۱ (اللہ نے فرمانبردار ہونے کا حکم دیا)۔۱۳۲ (اولاد کو اسلام کی حالت پر موت کی وصیّت)۔۱۳۳۔ ۱۳۵ (ملّتِ ابراہیمؑ، مشرک نہ تھے)۔۲۵۸ (نمرود کو اللہ تعالیٰ کا تعارف کروانا)۔۲۶۰ (ابراہیم علیہ السلام کا چار پرندوں کے ٹکڑے کرنا اور اللہ تعالیٰ کا اُنہیں دوبارہ زندہ کرنا)۔(ال عمرٰن ۳): ۳۳۔۶۵۔۶۷ (یہودی، نصرانی یا مشرک نہیں تھے)۔۶۸۔ ۸۴۔۹۵۔۹۷ (مقامِ ابراہیم)۔(النسآء ٤):۵۴۔۱۲۵ (اللہ نے ابراہیم علیہ السلام کو پکا دوست بنالیا)۔۱۶۳۔(الانعام ٦): ۷۴ (آزر کو کہا کیا تو بتوں کو پوجتا ہے)۔۷۵تا۷۹ (ستارہ، چاند اور سورج کو دیکھ کر اللہ کی معرفت حاصل کی)۔۸۰ (جن کو تم اللہ کا شریک کرتے ہو میں ان سے نہیں ڈرتا)۔۸۱ (میں تمہارے شرکاء سے کیوں ڈروں جبکہ تم اس بات سے نہیں ڈرتے کہ اللہ کے ساتھ شرک کرو)۔۸۳۔۱۶۱۔(التوبة ۹):۷۰۔۱۱۴ (ابراہیم علیہ السلام نے اپنے مشرک باپ کے لئے دعائے مغفرت کو ترک کر دیا تھا)۔(هود ۱۱): ۶۹، ۷۰ (فرشتوں کو بچھڑا پیش کیا)۔۷۱تا۷۳ (اسحاق علیہ السلام اور یعقوب علیہ السلام کی بشارت)۔۷۴۔ ۷۵ (ابراہیم علیہ السلام تحمل والے، نرم دل اور رجوع کرنے والے)۔۷۶۔(یوسف ۱۲):۶۔۳۸۔(ابراهیم ١٤): ۳۵ (مکہ کو پُرامن بنانے کی دعا)۔۳۶۔۳۷ (اسمٰعیل علیہ السلام کو جس جنگل میں چھوڑا اسے آباد کرنے اور پھلوں کی دعا)۔۳۸۔ ۳۹ (بڑھاپے میں اولاد ملنے پر ابراہیم علیہ السلام کا شکر)۔۴۰ (اپنے اور اولاد کیلئے نماز کی پابندی کی دعا)۔۴۱ (والدین اور مومنین کی بخشش کی دعا)۔(الحجر ١٥): ۵۱تا۵۶ (لوط علیہ السلام کو جاتے ہوئے فرشتوں کی بشارت)۔۵۷۔(النحل ١٦): ۱۲۰ (اُمت کے برابر)۔۱۲۱ (شکر گزار، اللہ تعالیٰ کے منتخب کردہ)۔۱۲۲ (دنیا و آخرت میں فضیلت)۔۱۲۳ (ملتِ ابراہیم کی پیروی کا حکم)۔(مریم ١٩): ۴۱۔۴۲تا۴۵ (باپ کو دعوت)۔۴۶ (باپ کی سنگسار کرنے کی دھمکی)۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] ۴۷تا۴۹۔۵۰ (اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کا ذکر بلند فرمایا)۔۵۸۔(الانبیآء ۲۱):۵۱تا۵۶ (قوم کو توحید کی دعوت دی)۔۵۷تا۶۷ (قوم کے بُت توڑنا)۔۶۸ (قوم کا آگ میں پھینکنا)۔۶۹،۷۰ (اللہ کا آگ سے بچانا)۔۷۱۔۷۲۔(الحج ۲۲): ۲۶ (بیت اللہ میں شرک نہ کرنے اور اسے پاک صاف رکھنے کا حکم ہوا)۔۲۷ (لوگوں میں حج کی منادی کا حکم ہوا)۔۴۳۔۷۸ (تمہارے باپ ابراہیم علیہ السلام کا دین)۔(الشعرآء ۲۶): ۶۹۔۷۰ (قوم سے پوچھا تم کس کی عبادت کرتے ہو)۔۷۲ (جب تم انہیں پکارتے ہو کیا وہ سنتے ہیں؟)۔۷۳ (یا تمہیں نفع یا نقصان پہنچاتے ہیں؟)۔۷۴ (قوم نے کہا ہم نے اپنے اباوَ اجداد کو یہی کرتے پایا)۔۷۵تا۷۷ (تم اور تمہارے باپ دادا جن معبودانِ باطل کو پوج رہے ہو وہ میرے دشمن ہیں)۔۷۷تا۸۲ (قوم کو اللہ رب العالمین کا تعارف کرایا)۔۸۳تا۸۷ (ابراہیم علیہ السلام کی دعائیں)۔(العنکبوت ۲۹): ۱۶،۱۷ (قوم کو دعوتِ توحید)۔۲۴ (اللہ کا آگ سے بچانا)۔۲۵ (بُت پرستوں کو آخرت سے ڈرانا)۔۲۶۔۲۷ (دنیا و آخرت کا مرتبہ)۔۳۱،۳۲ (لوط علیہ السلام کی طرف جاتے ہوئے فرشتوں کی بشارت)۔(الاحزاب ۳۳):۷۔(الصّٰفّٰت ۳۷): ۸۳۔۸۴ (قلبِ سلیم)۔۸۵تا۸۷ (قوم کو دعوتِ فکر)۔۸۸،۸۹ (ستاروں پر نظر فرما کر طبیعت کی ناسازی کا اظہار فرمایا)۔۹۰ (قوم کا میلے پر جانا)۔۹۱،۹۲ (بتوں سے تبرّک کی چیزیں نہ کھانے اور بات نہ کرنے کا سوال)۔۹۳ (قوم کے بُت توڑنا)۔۹۴تا۹۶ (قوم کی واپسی پر دعوتِ فکر)۔۹۷،۹۸ (قوم کا آگ میں ڈالنا اور اللہ تعالیٰ کا بچانا)۔ ۹۹ (شام کی طرف ہجرت)۔ ۱۰۰،۱۰۱ (اولاد کی دعا قبول ہوئی)۔۱۰۲تا۱۰۷ (اسمٰعیل علیہ السلام کو قربانی کے لئے لٹانا اور آزمائش میں سرخرو ہونے پر اللہ کا مینڈھا بھیجنا)۔۱۰۸تا۱۱۱ (ابراہیم علیہ السلام کی شان وعظمت)۔۱۱۲ (اسحٰق علیہ السلام کی بشارت)۔(صٓ ۳۸):۴۵ (ہاتھوں اور آنکھوں والے)۔۴۶ (اللہ تعالیٰ نے انہیں خاص طور پر آخرت کی یاد عطا فرمائی)۔۴۷ (شان وعظمت)۔(الشورٰی ۴۲):۱۳۔(الزخرف ۴۳): ۲۶ (والد اور قوم کو کہا میں تمہارے معبودوں سے بیزار ہوں)۔۲۷ (توحید کا اظہار)۔۲۸ (اولاد کو توحید کی تعلیم)۔(الذّٰریٰت ۵۱): ۲۴تا۲۷ (فرشتوں کی مہمان نوازی)۔۲۸تا۳۰ (اولاد کی بشارت)۔۳۱۔(النجم ۵۳): ۳۷ (عہد کو پورا کر دکھایا)۔(الحدید ۵۷): ۲۶۔(الممتحنۃ ۶۰): ۴ (کفار و مشرکین سے دشمنی میں ابراہیم علیہ السلام بہترین نمونہ، قوم کے شرکاء سے برأت کا اظہار، قوم سے کہا جب تک تم اللہ پر ایمان نہ لاؤ ہم میں اور تم میں ہمیشہ کے لئے دشمنی ہے، باپ کی مغفرت کی دعا، باپ سے کہا میں اللہ پر تیرے لئے کسی چیز کا اختیار نہیں رکھتا)۔ ۵ (دعا)۔ ۶ (ابراہیم علیہ السلام کی ذات بہترین نمونہ)۔(الاعلیٰ ۸۷): ۱۹ (ابراہیم علیہ السلام کے صحائف)۔(البینۃ ۹۸): ۵۔

13۔ ابلیس

(البقرۃ ۲): ۳۴ (سجدہ سے انکار، متکبر)۔۳۶ (آدمؑ کو جنت سے نکلوادیا)۔ [بقیہ اگلے صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (الاعراف ۷): ۱۱ تا ۱۸ (سجدہ سے انکار، انسان کو ہر طرف سے بہکانے کا عہد)۔(الحجر ۱۵): ۲۸ تا ۳۳ (سجدہ سے انکار)۔۳۴ (جنت سے نکالا گیا)۔ ۳۵ (قیامت تک اللہ کی لعنت)۔ ۳۶ (اللہ سے قیامت تک کی مہلت)۔۳۹، ۴۰ (انسان کو بہکانے اور گناہ مزیّن کرنے کی قسم)۔(بنی اسرائیل ۱۷): ۶۱ (آدمؑ کو سجدہ سے انکار)۔ ۶۲ (انسان کو بہکانے کی قسم)۔۶۴ (انسان کو بہکانے کے شیطانی ذرائع، اُس کے تمام وعدے فریب ہوتے ہیں)۔۶۵ (اللہ کے بندوں پر زور نہیں چلتا)۔(الکہف ۱۸): ۵۰ (سجدہ سے انکار، ابلیس جنّات میں سے تھا، کیا تم اُسے اور اُس کی اولاد کو اللہ کو چھوڑ کر ولی بناتے ہو؟ دشمن)۔(طٰہٰ ۲۰): ۱۱۶ (سجدہ کرنے سے انکار)۔(سبا ۳۴): ۲۰ (ابلیس نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا، مومنین کی ایک جماعت کے علاوہ سب نے اُس کی پیروی کی)۔ ۲۱ (ابلیس کو اُن پر کوئی اختیار نہ تھا)۔(صٓ ۳۸): ۷۴ (سجدہ سے انکار)۔۷۵۔۷۶ (آدم علیہ السلام سے بہتر ہونے کا دعویٰ، کہا تو نے مجھے آگ سے بنایا اور آدم علیہ السلام کو مٹی سے)۔۷۷ (جنت سے نکلنے کا حکم)۔۷۸ (قیامت تک اللہ کی لعنت)۔۷۹ تا ۸۱ (اللہ سے قیامت تک کی مہلت قبول ہوئی)۔۸۲، ۸۳ (اللہ کی عزت کی قسم کھا کر انسان کو بہکانے کا عہد کیا)۔

14۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

(التوبة ۹): ۴۰۔(النّور ۲۴): ۲۲۔

15۔ ابوجہل

(العلق ۹٦): ۹ تا ۱۸۔

16۔ ابولہب

(اللّھب ۱۱۱): ۱ تا ۵۔

17۔ اتباع

(البقرة ۲): ۱۲۰ (علم کے بعد گمراہ لوگوں کی پیروی)۔۱۴۵ (علم کے بعد گمراہ لوگوں کی پیروی)۔(آل عمرٰن ۳): ۱۰۰ (اہلِ کتاب کی پیروی مُرتد ہونے کا باعث)۔۱۴۹ (کفار کی پیروی مُرتد ہونے کا باعث)۔(المآئدة ۵): ۴۸۔۴۹۔۷۷۔ (الانعام ٦): ۵۶۔۱۱۶ (اگر تم دنیا کے اکثر لوگوں کی اطاعت کرو گے تو وہ تمہیں گمراہ کر دیں گے، وہ صرف گمان پر چلتے ہیں)۔ ۱۱۹ (لوگوں کی اکثریت ایسی ہے جو اپنے بلا سند خیالات پر لوگوں کو گمراہ کرتی ہے)۔۱۲۱ (حلّت اور حُرمت کے معاملے میں دین کو چھوڑ کر لوگوں کی پیروی کرنا شرک ہے)۔۱۵۰۔(الاعراف ۷): ۱۴۲۔(یونس ۱۰): ۸۹۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (هود ١١): ٩٢ (کیا قبیلے کے لوگوں کی عزت اللہ تعالیٰ سے زیادہ ہے؟)۔(الرعد ١٣): ٣٧۔ (الكهف ١٨): ٢٨۔(الفرقان ٢٥): ٥٢۔(الشعرآء ٢٦): ١٥١ (حد سے گزرنے والوں کی پیروی مت کرو)۔ (الروم ٣٠): ٦٠ (جو لوگ یقین نہیں رکھتے وہ کہیں تمہیں اُکھاڑ نہ دیں)۔(لقمٰن ٣١): ١٥ (شرک کے معاملے میں والدین کی پیروی مت کرو)۔(الاحزاب ٣٣): ١ (کفار ومنافقین کی پیروی نہ کرو)۔٤٨ (کفار ومنافقین کی پیروی مت کرو)۔ (الشورٰی ٤٢): ١٥۔(الجاثية ٤٥): ١٨۔(القلم ٦٨): ٨۔١٠ تا ١٣۔١٤ (مال واولاد کی کثرت کے باعث کسی گمراہ کا کہنا مت مانو)۔(نوح ٧١): ٢١ (مال واولاد کی کثرت والوں کی پیروی)۔(الدّهر ٧٦): ٢٤ (کسی گناہ گار ناشکرے کا کہنا مت مانو)۔

18۔ اتحاد

(البقرة ٢): ٢١٣۔(ال عمران ٣): ١٠٣۔١٠٥۔(الانعام ٦): ١٥٣۔١٥٩۔(يونس ١٠): ١٩۔ (الشورٰی ٤٢): ١٣۔١٤۔(الزخرف ٤٣): ٦٤۔٦٥۔(الحجرٰت ٤٩): ١٠۔

19۔ اِترانا

(هود ١١): ١٠۔(القصص ٢٨): ٧٦ (اللہ تعالیٰ اِترانے والوں سے محبت نہیں فرماتے)۔(لقمٰن ٣١): ١٨ (اللہ تعالیٰ اِترانے والوں سے محبت نہیں فرماتے)۔(المؤمن ٤٠): ٧٥۔٨٣۔(القمر ٥٤): ٢٥۔(الحديد ٥٧): ٢٣ (اللہ تعالیٰ اِترانے والوں سے محبت نہیں فرماتے)۔

20۔ اُجرت/معاوضہ (انبیاء تبلیغ کا معاوضہ نہیں مانگتے)

(الانعام ٦): ٩٠۔(يونس ١٠): ٧٢۔(هود ١١): ٢٩۔٥١۔(يوسف ١٢): ١٠٤۔(المؤمنون ٢٣): ٧٢۔(الفرقان ٢٥): ٥٧۔(الشعرآء ٢٦): ١٠٩۔١٢٧۔١٤٥۔١٦٤۔١٨٠۔(سبا ٣٤): ٤٧ (جو بدلہ میں نے تم سے مانگا ہو وہ تم ہی رکھ لو)۔(يٰس ٣٦): ٢١۔(صٓ ٣٨): ٨٦۔(الشورٰی ٤٢): ٢٣۔ (الطّور ٥٢): ٤٠۔(القلم ٦٨): ٤٦۔

21۔ اجماعِ اُمت

(النسآء ٤): ١١٥۔

22۔ احتساب

(النحل ١٦): ٥٦۔(الانبیآء ٢١):١٣۔(الطلاق ٦٥): ٨۔(الحآقة ٦٩): ٢٠۔(النبا ٧٨): ٢٧۔

23۔ اُحُد (غزوۂ اُحد)

(ال عمران ٣): ١٢١۔١٢٢۔١٢٨۔١٣٩ تا ١٤٤۔١٥١ تا ١٥٥۔١٦١۔١٦٥ تا ١٦٨۔١٧٢ تا ١٧٤۔

24۔ احزاب (غزوۂ احزاب / جنگِ خندق)

(الاحزاب ٣٣): ٩ تا ١١ (مومن اور منافق کا کڑا امتحان)۔١٢ تا ٢٠ (منافقین کا ردِ عمل)۔٢٢ تا ٢٤ (مومنین کا ردِ عمل)۔ ٢٥ (کافروں کا انجام)۔

25۔ احسان

(البقرة ٢): ١٧٨۔(الحجرٰت ٤٩): ١٧ (اسلام قبول کرنا تمہارا احسان نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے جس نے تمہیں ایمان کی ہدایت کی)۔(الرحمٰن ٥٥): ٦٠۔(المدّثر ٧٤): ٦ (احسان کے بدلے میں زیادہ ملنے کی اُمید نہ رکھو)۔

26۔ اختلاف (دین کے اختلافات)

(البقرة ٢): ٢١٣۔(ال عمران ٣): ١٩۔١٠٥۔(النسآء ٤): ٥٩ (اختلافات کا حل)۔٦٥ (تنازعات کے حل کے لئے رسول اللہ ﷺ کو منصف مانے بغیر کوئی مومن نہیں ہوسکتا)۔١٥٧ (عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں اختلاف)۔(الانفال ٨): ٤٣۔٤٦۔(یونس ١٠): ١٩۔٩٣۔(ھود ١١): ١١٠۔١١٨۔(النحل ١٦): ٣٩۔٦٤۔٩٢۔(مریم ١٩): ٣٧۔(الحج ٢٢): ٦٩۔(النمل ٢٧): ٧٦۔(السجدة ٣٢): ٢٥۔(الزمر ٣٩): ٣۔(الشوریٰ ٤٢): ١٠۔(الزخرف ٤٣): ٦٥۔(الجاثية ٤٥): ١٧۔(البيّنة ٩٨): ٤ (اہلِ کتاب کے مابین اختلاف)۔

27۔ اختیار

27۔[ا]۔اللہ تعالیٰ تمام اختیارات کے مالک ہیں

(الکھف ١٨): ٤٤۔

27۔[۲]۔انسان کو نیک یا بد اعمال کا اختیار حاصل ہے

(بنی اسرائیل ۱۷): ۱۰۷ (قرآن پر ایمان لاؤ یا نہ لاؤ)۔(الکھف ۱۸): ۲۹ (جو چاہے ایمان لائے، جو چاہے کفر کرے)۔(حٰم السّجدۃ ۴۱): ۴۰ (تم جو چاہو عمل کرو، یقیناً اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال دیکھ رہا ہے)۔(التغابن ۶۴):۲۔(المزمل ۷۳): ۱۹۔(الدّھر ۷۶):۳ (جو چاہے شکر گزار بن جائے، جو چاہے ناشکرا)۔۲۹۔(النّبا ۷۸): ۳۹۔

28۔ اخلاص (نیکی یا عبادت میں خلوصِ نیّت)

(البقرۃ ۲): ۱۱۲۔۱۳۹۔(النسآء ۴): ۱۴۶۔(الانعام ۶): ۱۶۲ (کہہ دیجئے کہ میری نماز، قربانی، جینا اور مرنا خالصتاً اللہ ہی کے لئے ہے)۔(الاعراف ۷): ۲۹۔(یونس ۱۰): ۲۲۔(العنکبوت ۲۹): ۶۵۔(لقمٰن ۳۱): ۲۲۔۳۲ (موت کو دیکھ کر اللہ کو اخلاص سے پکارنا)۔(الزمر ۳۹):۲۔۳۔۱۱ (کہہ دیجئے کہ مجھے خالصتاً اللہ تعالیٰ کی عبادت کا حکم دیا گیا ہے)۔۱۴۔(المؤمن ۴۰):۱۴ (اللہ کو اخلاص کے ساتھ پکارو چاہے کفار برا مانیں)۔۶۵۔(البیّنۃ ۹۸): ۵۔

29۔ ادب

(یوسف ۱۲): ۹۹،۱۰۰ (یوسف علیہ السلام کا والدین کا ادب)۔(بنی اسرائیل ۱۷): ۲۳،۲۴ (والدین کا ادب)۔

30۔ اورک

(الدّھر ۷۶): ۱۷۔

31۔ ادریس علیہ السلام

(مریم ۱۹): ۵۶۔۵۷۔(الانبیآء ۲۱): ۸۵۔

32۔ اذان

(المآئدۃ ۵): ۵۸ (اذان کا مذاق اُڑانے والے)۔(الجمعۃ ۶۲): ۹۔

33۔ ارضیات *(Geography)*

33۔[۱]۔زمین کی تخلیق اور ساخت

(البقرۃ ۲):۲۲ (زمین فرش)۔۲۹۔۱۶۴ (زمین کی تخلیق میں عقلمندوں کے لئے نشانیاں، زمین کو اس کی موت کے بعد پانی سے زندہ فرمانا)۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (لقمٰن ۳۱): ۱۰ (تخلیق کا مقصد)۔(سبا ۳۴): ۱۰ (اللہ کا پہاڑوں سے خطاب، داؤدؑ کے تابع تسبیح کرنا)۔(فاطر ۳۵): ۲۷ (سفید، سیاہ، سرخ اور مختلف رنگ)۔(صٓ ۳۸): ۱۸ (داؤدؑ کے تابع تسبیح کرنا)۔(حٰمٓ السّجدة ۴۱): ۱۰۔(قٓ ۵۰): ۷۔(الحشر ۵۹): ۲۱ (اگر اللہ قرآن کسی پہاڑ پر نازل فرماتے تو وہ اللہ کے خوف سے پھٹ جاتا)۔(المرسلٰت ۷۷): ۲۷۔(النبا ۷۸): ۷ (زمین کی میخیں)۔(النّٰزعٰت ۷۹): ۳۲۔(الغاشية ۸۸): ۱۹ (پہاڑوں کی طرف نہیں دیکھتے کہ کس طرح گاڑ دیے گئے ہیں)۔

173۔ پھل

(البقرة ۲): ۲۲۔(الانعام ۶): ۹۹ (بعض ملتے جلتے ہیں اور بعض مختلف)۔۱۴۱۔(الاعراف ۷): ۵۸۔(الرعد ۱۳): ۳۔۴ (ایک طرح کے پانی سے مختلف اقسام کے پھلوں کی تخلیق)۔(ابرٰهيم ۱۴): ۳۲۔۳۷۔(النحل ۱۶): ۱۱۔(المؤمنون ۲۳): ۱۹۔(القصص ۲۸): ۵۷۔(فاطر ۳۵): ۲۷ (مختلف رنگ کے پھل)۔(يٰسٓ ۳۶): ۳۵۔(الرحمٰن ۵۵): ۱۱۔(عبس ۸۰): ۳۱۔

174۔ پھول

(الرحمٰن ۵۵): ۱۲۔

175۔ پیاز

(البقرة ۲): ۶۱۔

176۔ پیٹ

(البقرة ۲): ۱۷۴ (پیٹ جہنم کی آگ سے بھرنے والے)۔(ال عمرٰن ۳): ۳۵ (بطنِ مریمؑ)۔(النسآء ۴): ۱۰ (پیٹ جہنم کی آگ سے بھرنے والے)۔(الانعام ۶): ۱۳۹ (جانور کے پیٹ کی چیز کو حلال و حرام کرنا)۔(النحل ۱۶): ۶۶ (چوپایوں کے پیٹ سے دودھ)۔۶۹ (شہد کی مکھی کے پیٹ سے شہد)۔۷۸ (تمہیں رحمِ مادر سے اس حال میں نکالا کہ تم کچھ نہ جانتے تھے)۔(المؤمنون ۲۳): ۲۱ (چوپایوں کے پیٹ سے دودھ)۔(النّور ۲۴): ۴۵ (پیٹ پر رینگنے والے جانور)۔(الصّٰفّٰت ۳۷): ۶۶ (پیٹ زقوم سے بھرنے والے)۔۱۴۴ (مچھلی کا پیٹ)۔(الزمر ۳۹): ۶ (رحمِ مادر میں تخلیق)۔(النجم ۵۳): ۳۲ (اللہ تمہیں اُس وقت سے خوب جانتا ہے جب تم رحمِ مادر میں تھے)۔(الواقعة ۵۶): ۵۳ (پیٹ زقوم سے بھرنے والے)۔

177۔ پیروی (گمراہ لوگوں کی پیروی مت کرو)

(البقرۃ ۲): ۱۴۵۔(ال عمران ۳): ۱۰۰ (اہلِ کتاب کی پیروی مُرتد ہونے کا باعث)۔۱۴۹ (کفار کی پیروی مُرتد ہونے کا باعث)۔(المائدۃ ۵): ۴۸۔۴۹۔۷۷۔(الانعام ۶): ۵۶۔۱۱۶ (اگر تم دنیا کے اکثر لوگوں کی اطاعت کرو گے تو وہ تمہیں گمراہ کر دیں گے، وہ صرف گمان پر چلتے ہیں)۔۱۱۹ (لوگوں کی اکثریت ایسی ہے جو اپنے بلاسند خیالات پر لوگوں کو گمراہ کرتی ہے)۔ ۱۲۱ (حلّت اور حُرمت کے معاملے میں دین کو چھوڑ کر لوگوں کی پیروی کرنا شرک ہی ہے)۔۱۵۰۔(الاعراف ۷): ۱۴۲۔(یونس ۱۰): ۸۹۔(ھود ۱۱): ۹۲ (کیا قبیلے کے لوگوں کی عزت اللہ سے زیادہ ہے؟)۔(الرعد ۱۳): ۳۷۔(الکھف ۱۸): ۲۸۔(الفرقان ۲۵): ۵۲۔(الشعرآء ۲۶): ۱۵۱ (حد سے گزرنے والوں کی پیروی مت کرو)۔(الروم ۳۰): ۶۰ (جو لوگ یقین نہیں رکھتے وہ تمہیں اُکھاڑ نہ دیں)۔(لقمٰن ۳۱): ۱۵ (شرک کے معاملے میں والدین کی پیروی مت کرو)۔(الاحزاب ۳۳): ۱ (کفار و منافقین کی پیروی مت کرو)۔۴۸ (کفار و منافقین کی پیروی مت کرو)۔(الشوریٰ ۴۲): ۱۵۔(الجاثیۃ ۴۵): ۱۸۔(القلم ۶۸): ۸۔۱۰تا۱۳۔۱۴ (مال و اولاد کی کثرت کے باعث کسی گمراہ کا کہنا مت مانو)۔(نوح ۷۱): ۲۱ (مال و اولاد کی کثرت والوں کی پیروی)۔(الدھر ۷۶): ۲۴ (کسی گناہ گار ناشکرے کا کہنا مت مانو)۔

178۔ پیشانی

(التوبۃ ۹): ۳۵ (روزِ قیامت سونا اور چاندی جہنم کی آگ میں دہکا کر پیشانی پر داغا جائے گا)۔(الصّٰفّٰت ۳۷): ۱۰۳ (ابراہیمؑ نے اسمٰعیلؑ کو پیشانی کے بل لٹا دیا)۔(الرحمٰن ۵۵): ۴۱ (مجرم پیشانی کے بالوں سے جکڑ لئے جائیں گے)۔(العلق ۹۶): ۱۵ (اگر وہ باز نہ آئے گا تو پیشانی کے بالوں سے گھسیٹا جائے گا)۔۱۶ (جھوٹی گناہ گار پیشانی کے بال)۔

[ت]

179۔ تانبا

(الکھف ۱۸): ۹۶۔(سبا ۳٤): ۱۲۔

180۔ تبذیر (ناجائز جگہ خرچ کرنا)

(بنی اسرائیل ۱۷): ۲۶۔

181۔ تبرُّج

(النور ۲٤): ۳۱ (بناؤ سنگھار کو ظاہر مت کرو، زمین پر اس طرح پاؤں مار کر نہ چلو کہ تمہارا بناؤ سنگھار ظاہر ہو جائے)۔۶۰ (بوڑھی عورتوں کے لئے پردے کی تخفیف ہے لیکن بناؤ سنگھار ظاہر کرنے کی اجازت نہیں)۔(الاحزاب ۳۳): ۳۳ (زینت کے اظہار کی ممانعت)۔

182۔ تُبَّع (قومِ تُبَّع)

(الدخان ٤٤): ۳۷۔(ق ۵۰): ۱۴۔

183۔ تبلیغ

(البقرۃ ۲): ۴۴ (نیکیوں کی ترغیب دینے والوں کو خود بھی عمل کرنا چاہیئے)۔(المآئدۃ ۵): ۱۰۵ (سمجھانے کے باوجود اگر کوئی گمراہ رہے تو تمہارا کوئی نقصان نہیں)۔(الانعام ٦): ۱۰۸ (مشرکین کے شرکاء کو برا مت کہو کہیں وہ اللہ کو برا نہ کہنے لگیں)۔(ھود ۱۱): ۸۸ (استطاعت کے مطابق اصلاح)۔(النحل ۱٦): ۱۲۵ (دین کی گفتگو بہترین طریقے سے کیا کرو)۔(الکھف ۱۸): ۲۸ (تبلیغ میں غریب سے اعراض اور صاحبِ حیثیت کی طرف خاص توجہ دینے سے گریز کرو)۔(طٰہٰ ۲۰): ۲۵ تا ۲۸ (تبلیغ میں اللہ سے مدد کی دعا)۔۴۲ (تبلیغ کرنے والوں کے لئے ذکر کی اہمیت)۔۴۴ (تبلیغ میں نرم لہجہ اختیار کرو)۔(الشعرآء ۲٦): ۲۱۴ (رشتہ داروں کو تبلیغ)۔(القصص ۲۸): ۸۷۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (العنکبوت ۲۹): ۴۶ (اہلِ کتاب سے بہت بہتر طریقے سے مناظرہ کرو)۔(لقمٰن ۳۱): ۱۳ (اولاد کو تبلیغ)۔(ق ۵۰): ۴۵ (قرآن کے ذریعے تبلیغ کا حکم)۔(الذّٰریٰت ۵۱): ۵۵ (نصیحت کرتے رہو یہ نصیحت اہلِ ایمان کو فائدہ دے گی)۔(التّحریم ۶۶): ۶ (اپنے گھر والوں کو دوزخ کی آگ سے بچاؤ)۔(القلم ۶۸): ۹ (حق گوئی میں مداہنت مت کرو)۔(نوح ۷۱): ۸،۹ (اعلانیہ اور فرداً فرداً تبلیغ)۔(عبس ۸۰): ۳ تا ۱۲ (تبلیغ میں غریب سے اعراض اور صاحبِ حیثیت کی طرف خاص توجہ دینے سے گریز کرو)۔(الاعلی ۸۷): ۹ تا ۱۱۔

184۔ تبوک (غزوۂ تبوک)

(التوبۃ ۹): ۳۸ تا ۴۹۔۸۱۔۱۰۲۔۱۰۶۔۱۱۷۔۱۱۸ (تین صحابہ کرامؓ کی توبہ)۔۱۲۰۔

185۔ تثلیث (عیسائیوں کا عقیدۂ تثلیث)

(النسآء ٤): ۱۷۱۔(المآئدۃ ٥): ۷۲۔۷۳۔

186۔ تجارت

186۔[۱]۔خرید و فروخت

(البقرۃ ۲): ۲۵۴۔۲۷۵۔۲۸۲ (خرید و فروخت کے وقت گواہ مقرر کرلو)۔(النسآء ٤): ۲۹۔(التوبۃ ۹): ۲۴۔(النّور ۲٤): ۳۷۔(الصّف ٦١): ۱۰ (اے ایمان والو! کیا میں تمہیں وہ تجارت بتاؤں جو تمہیں دردناک عذاب سے بچا لے؟)۔(الجمعۃ ٦٢): ۹۔۱۱۔

186۔[۲]۔اعمال کا سودا

(البقرۃ ۲): ۱٦ (ہدایت کے بدلے گمراہی کا سودا)۔۸٦ (آخرت کے بدلے دنیا کا سودا)۔۹۰۔۱۰۲ (جادو کا سودا کرنے والے کے لئے آخرت میں کچھ حصہ نہیں)۔۱۷۵ (ہدایت کے بدلے گمراہی اور مغفرت کے بدلے عذاب کا سودا)۔

186۔[۳]۔آیات کو تھوڑے داموں بیچنا

(البقرۃ ۲): ۴۱۔

187۔ تحریف (اللہ کے کلام میں تحریف)

(البقرۃ ۲): ۷۵ (جان بوجھ کر تحریف)۔۷۹ (تحریف کرنے والوں کے لئے ویل)۔(المآئدۃ ٥): ۱۳۔۴۱۔

188۔ تحفہ

(النمل ۲۷): ۳۵ (تحفے کے ذریعے آزمائش)۔۳۶۔

189۔ تحقیق (کسی خبر یا سُنی ہوئی بات کی تحقیق کی اہمیت)

(النسآء ٤): ۸۳۔۹۴۔(التوبۃ ۹): ۴۳۔(بنی اسرائیل ۱۷): ۳۶۔(النور ۲٤): ۱۴،۱۵۔
(النمل ۲۷): ۲۷۔(الحجرٰت ٤۹): ۶۔

190۔ تخفیف (دین کے معاملات میں اللہ کی طرف سے نرمی)

(البقرۃ ۲): ۱۷۸ (قصاص کے معاملے میں)۔

191۔ تخلیق

191۔[ا]۔انسان کی تخلیق

(ال عمرٰن ۳): ۶۔(الانعام ٦): ۲۔۹۸۔(الاعراف ۷): ۱۱۔(ھود ۱۱): ۶۱۔(الحجر ۱۵): ۲۶۔
(النحل ۱٦): ۴۔۷۸ (جس وقت تمہیں ماؤں کے پیٹ سے نکالا تم کچھ بھی نہ جانتے تھے)۔(بنی اسرائیل ۱۷):
۶۱ (آدمؑ کی مٹی سے تخلیق)۔(الکھف ۱۸): ۳۷۔(طٰہٰ ۲۰): ۵۰۔(الحج ۲۲): ۵۔(المؤمنون ۲۳):
۱۲تا۱۴ (رحمِ مادر میں تخلیق)۔۷۸۔۱۱۵ (تمہارا کیا خیال ہے کہ ہم نے تمہیں بےکار پیدا کیا ہے؟)۔(الفرقان ۲۵):
۵۴ (پانی سے تخلیق)۔(الروم ۳۰): ۲۰۔۳۰ (انسان کی تخلیق اللہ تعالیٰ کی فطرت پر ہوئی، اللہ تعالیٰ کی تخلیق کو مت بدلو)۔
۵۴ (بچپن، جوانی، کہولت، بڑھاپا)۔(لقمٰن ۳۱): ۲۸ (تمام انسانیت کی تخلیق، ایک انسان کی تخلیق کے برابر ہے)۔
(السجدۃ ۳۲): ۷تا۹۔(فاطر ۳۵): ۱۱۔(یٰسٓ ۳٦): ۷۷۔(الصّٰفّٰت ۳۷): ۱۱۔(الزمر ۳۹): ۶ (ماں کے
پیٹ میں تین اندھیروں میں تخلیق)۔۵۷۔(المؤمن ٤۰): ۶۴ (بہترین صورتیں بنائی)۔۶۷ (بچپن، جوانی، کہولت،
بڑھاپا)۔(قٓ ۵۰): ۱۶۔(الذّٰریٰت ۵۱): ۵۶ (انسان کی تخلیق کا مقصد اللہ کی عبادت ہے)۔(النجم ۵۳): ۳۲ (زمین
سے نکالنا، رحمِ مادر)۔۴۵،۴۶ (نطفہ)۔(الرحمٰن ۵۵): ۳۔۱۴ (انسان کی ٹھیکرے کی مانند کھنکھناتی مٹی سے تخلیق)۔
(الواقعۃ ٥٦): ۵۷ (تم کیوں نہیں مانتے کہ اللہ نے تمہیں تخلیق کیا؟)۔۵۸،۵۹ (منی کے قطرات سے انسان تم بناتے ہو یا
اللہ تعالیٰ بناتا ہے؟)۔(التغابن ٦٤): ۲۔۳ (تمہاری بہترین صورتیں بنائی)۔(الملک ٦٧): ۲۳۔(المعارج ۷۰):
۳۹۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (نوح ۷۱): ۱۴ (مختلف اطوار سے تخلیق)۔۱۷،۱۸ (زمین سے پیدائش، زمین میں لوٹنا، زمین سے دوبارہ زندہ ہونا)۔ (القیٰمۃ ۷۵): ۳۷تا۳۹۔(الدھر ۷۶): ۱۔۲۔۲۸۔(المرسلٰت ۷۷): ۲۰تا۲۳۔(عبس ۸۰): ۱۸تا۲۰۔(الانفطار ۸۲): ۶تا۸۔(الطارق ۸۶): ۵تا۸۔(الاعلیٰ ۸۷): ۲۔(البلد ۹۰): ۴۔۸ (آنکھیں)۔۹ (زبان اور ہونٹ)۔(الشمس ۹۱): ۷۔۸۔(التین ۹۵): ۴۔(العلق ۹۶): ۱۔۲۔

191۔[۲]۔کائنات کی تخلیق

(البقرۃ ۲): ۲۱۔۲۹۔۱۱۷۔۲۲۸۔(اٰل عمرٰن ۳): ۶۔۴۰۔۴۷۔(النسآء ٤): ۱۔(المآئدۃ ٥): ۱۷۔۱۸۔(الانعام ٦): ۱۔۲۔۳۔۷۳۔۷۹۔۹۵تا۹۹۔۱۰۱۔۱۰۲۔(الاعراف ۷): ۵۴۔۱۸۵۔(التوبۃ ۹): ۳۶۔(یونس ۱۰): ۳۔۴۔(ھود ۱۱): ۷۔۵۱۔(الرعد ۱۳): ۱۶۔(ابرٰھیم ١٤): ۱۹۔(الحجر ۱۵): ۳۲۔۲۶۔۸۶۔(النحل ۱٦): ۴۔۵۔۱۱۔۱۳۔۴۸۔۷۸۔۸۰۔۸۱۔(بنی اسرائیل ۱۷): ۱۹۔(طٰہٰ ۲۰): ۵۰۔۵۳۔۵۵۔(الانبیآء ۲۱): ۳۰۔۳۳۔(المؤمنون ۲۳): ۷۸۔۷۹۔(النور ۲٤): ۴۵۔(الفرقان ۲۵): ۲۔۴۵تا۴۸۔۵۴۔۶۱۔۶۲۔(الشعرآء ۲٦): ۱۶۶۔۱۸۴۔(النمل ۲۷): ۶۰۔۶۱۔(السجدۃ ۳۲): ۷ (ہر چیز کی بہترین تخلیق فرمائی)۔(الفاطر ۳۵): ۱۔۲۔(یٰسٓ ۳٦): ۳۶ (اُن مخلوقات کے جوڑے جنہیں تم نہیں جانتے)۔۸۱۔(الزمر ۳۹): ۶۲ (اللہ ہر چیز کا خالق ہے)۔(المؤمن ٤۰): ۶۲ (اللہ ہر چیز کا خالق ہے)۔۶۴۔(الشوریٰ ٤۲): ۴۹ (اللہ جو چاہے پیدا کرتا ہے)۔(الذّٰریٰت ۵۱): ۵۶ (جنات اور انسانوں کی تخلیق کا مقصد اللہ کی عبادت ہے)۔(الحشر ۵۹): ۲۴۔(الملک ٦۷): ۲۔۳۔ ۱۵۔۲۳۔ (القیٰمۃ ۷۵): ۳۸۔۳۹۔(الاعلیٰ ۸۷): ۲تا۵۔(الّیل ۹۲): ۳۔(العلق ۹٦): ۱۔۲۔(الفلق ۱۱۳): ۲۔

192۔ تدبّر (غور و فکر)

(البقرۃ ۲): ۲۱۹۔۲۴۲۔۲۶۶۔(النسآء ٤): ۸۲ (قرآن میں تدبّر)۔(الاعراف ۷): ۱۷۶۔(یونس ۱۰): ۲۴۔(یوسف ۱۲): ۲۔(النحل ۱٦): ۴۴ (قرآن میں تدبّر)۔(مریم ۱۹): (المؤمنون ۲۳): ۶۸ (قرآن میں تدبّر)۔(النّور ۲٤): ۱۔۶۱۔(العنکبوت ۲۹): ۴۳۔(الروم ۳۰): ۲۸۔(صٓ ۳۸): ۲۹ (قرآن میں تدبّر)۔(الزمر ۳۹): (حٰمٓ السّجدۃ ٤۱): ۳ (قرآن میں تدبّر)۔(الزخرف ٤۳): ۳ (قرآن میں تدبّر)۔(الحدید ۵۷): ۱۷ (قرآن میں تدبّر)۔(الحشر ۵۹): ۲۱۔

193۔ ترازو

(الشوریٰ ۴۲): ۱۷۔(الرحمٰن ۵۵): ۷۔(الحدید ۵۷): ۲۵۔

194۔ ترکاری

(البقرۃ ۲): ۶۱۔(عبس ۸۰): ۲۸۔

195۔ تزکیۂ نفس

(البقرۃ ۲): ۱۲۹۔۱۵۱۔(التوبۃ ۹): ۱۰۳۔(النّور ۲۴): ۲۱۔(فاطر ۳۵): ۱۸۔(النّٰزعٰت ۷۹): ۱۸۔ ۴۰۔(الاعلیٰ ۸۷):۱۴۔(الشمس ۹۱): ۹۔

196۔ تسخیر

(ابرٰھیم ۱۴): ۳۲ (اللہ نے تمہارے لیے کشتی اور نہروں کو مسخر فرمادیا)۔۳۳ (اللہ نے تمہارے لیے سورج، چاند، رات اور دن کو مسخر فرمادیا)۔(الحج ۲۲): ۶۵ (اللہ نے تمہارے لیے زمین کی تمام چیزوں کو مسخر فرمادیا)۔(لقمٰن ۳۱): ۲۰ (جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے اللہ نے سب تمہارے لیے مسخر فرمادیا)۔(الجاثیۃ ۴۵): ۱۲ (اللہ نے تمہارے لیے دریا کو مسخر فرمادیا)۔۱۳ (جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے اللہ نے سب تمہارے لیے مسخر فرمادیا)۔

197۔ تعاون

(المآئدۃ ۵): ۲ (نیکی اور تقویٰ کے کاموں میں تعاون کرو اور گناہ اور زیادتی کے کاموں میں تعاون مت کرو)۔

198۔ تعریف

198۔ [ا]۔ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں

(الفاتحۃ ۱): ا۔(الانعام ۶): ا۔۴۵۔(یونس ۱۰): ۱۰۔(ابرٰھیم ۱۴): ۳۹۔(النحل ۱۶): ۷۵۔(بنی اسرآءیل ۱۷): ۱۱۱۔(الکھف ۱۸): ا۔(المؤمنون ۲۳): ۲۸۔(النمل ۲۷): ۱۵۔۵۹۔۹۳۔(العنکبوت ۲۹): ۶۳۔(الروم ۳۰): ۱۸۔(لقمٰن ۳۱): ۲۵۔(سبا ۳۴): ا۔(فاطر ۳۵): ا۔۳۴۔(الصّٰٓفّٰت ۳۷): ۱۸۲۔(الزمر ۳۹): ۲۹۔۷۴۔۷۵۔(المؤمن ۴۰): ۶۵۔(الجاثیۃ ۴۵): ۳۶۔(التغابن ۶۴): ا۔

198۔ [۲]۔ اپنی تعریف کروانا/کسی دوسرے کی تعریف کرنا

(ال عمرٰن ٣): ۱۸۸۔(النسآء ٤): ۴۹ (اپنے منہ اپنی تعریف کرنا)۔۵۰۔(النجم ٥٣): ۳۲ (اپنے منہ اپنی تعریف کی ممانعت)۔

199۔ تعمیر

(الاعراف ٧): ۷۴۔(الحجر ١٥): ۸۲۔(الشعرآء ٢٦): ۱۲۸۔۱۴۹۔

200۔ تفکر

(الانعام ٦): ۵۰۔(الرعد ١٣): ۳۔(النحل ١٦): ۴۴۔(الروم ٣٠): ۸۔(سبا ٣٤): ۴۶۔(الزمر ٣٩): ۴۲۔(الجاثية ٤٥): ۱۳۔(الحشر ٥٩): ۲۱۔

201۔ تقدیر (اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کا اندازہ مقرر کر رکھا ہے)

(الحجر ١٥): ۲۱۔(المؤمنون ٢٣): ۱۸۔(الفرقان ٢٥): ۲۔(الاحزاب ٣٣): ۳۸۔(حٰم السّجدة ٤١): ۱۰۔(الشورٰی ٤٢): ۲۷۔(الزخرف ٤٣): ۱۱۔(القمر ٥٤): ۴۹۔(الواقعة ٥٦): ۶۰۔(الطلاق ٦٥): ۳۔(المُرسلٰت ٧٧): ۲۲۔۲۳۔(عبس ٨٠): ۱۸۔۱۹۔(الاعلیٰ ٨٧): ۳۔

202۔ تقلید (اباؤاجداد، باپ دادا اور بزرگوں کے باطل عقائد و اعمال کی بلا تحقیق اندھی پیروی کرنا)

(البقرة ٢): ۱۷۰ (جب ان سے کہا جائے کہ اُس کی پیروی کرو جو اللہ نے نازل کیا تو کہتے ہیں ہم اُس کی پیروی کریں گے جس پر اپنے اباؤاجداد کو پایا)۔(المآئدة ٥): ۱۰۴ (جب ان سے کہا جائے کہ اللہ اور رسول کی طرف آؤ، تو کہتے ہیں ہمیں کافی ہے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا)۔(الاعراف ٧): ۲۸۔۷۰۔(یونس ١٠): ۷۸۔(هود ١١): ۶۲۔۸۷۔۱۰۹۔(ابرٰهیم ١٤): ۱۰۔(الانبیآء ٢١): ۵۳۔(الشعرآء ٢٦): ۷۴ (ابراہیم علیہ السلام کی قوم نے کہا ہم نے اپنے اباؤاجداد کو یہی کرتے پایا)۔(لقمٰن ٣١): ۲۱ (جب ان سے کہا جائے کہ اللہ کے نازل کردہ دین کی پیروی کرو تو کہتے ہیں ہم نے جس طریقے پر اباؤاجداد کو پایا اسی پر چلیں گے)۔(الاحزاب ٣٣): ۶۷، ۶۸ (قیامت کے دن گمراہ سربراہوں کی تقلید کا اقرار)۔(سبا ٣٤): ۴۳۔(الصّٰفّٰت ٣٧): ۶۹، ۷۰ (انہوں نے اپنے اباؤاجداد کو گمراہ پایا پھر اُن ہی کے نقشِ قدم پر چلے)۔(الزخرف ٤٣): ۲۲ (اللہ کی اولاد مقرر کرنے والے محض اپنے اباؤاجداد کی تقلید کر رہے ہیں)۔۲۳۔

203۔ تقویٰ/ پرہیزگاری

203۔[۱]۔ تقویٰ کے فضائل و برکات

(البقرۃ ۲): ۱۰۳۔۱۸۹ (فلاح کا ذریعہ)۔۱۹۴ (اللہ متقین کے ساتھ ہے)۔(ال عمران ۳): ۱۲۰ (اسلام دشمنوں کے مکروفریب سے بچنے کا ذریعہ)۔۱۷۹۔(الاعراف ۷): ۱۵۶۔(الانفال ۸): ۲۹۔(النحل ۱۶): ۳۲ (متقین کی روح قبض ہونے کی کیفیت)۔(مریم ۱۹): ۶۳۔(طٰہٰ ۲۰): ۱۳۲ (تقویٰ کا انجام بہت بہتر ہے)۔(الاحزاب ۳۳): ۷۱۔(الزمر ۳۹): ۳۴،۳۵۔۶۱ (روزِ قیامت متقین کو کوئی برائی نہ چھو سکے گی اور نہ وہ غمگین ہوں گے)۔(الزخرف ۴۳): ۳۵ (آخرت متقین ہی کے لئے ہے)۔۶۷۔(محمد ۴۷): ۳۶۔(الحجرات ۴۹): ۱۳ (تم میں سے زیادہ باعزت وہ ہے جو زیادہ متقی ہے)۔(الطلاق ۶۵): ۲ (اللہ متقی کے لئے مشکلات سے نکلنے کی راہ پیدا کر دیتا ہے)۔۳ (اللہ متقی کو ایسی جگہ سے رزق عطا فرماتا ہے جہاں سے اُس کا گمان بھی نہ ہو)۔۴ (اللہ متقی کے کام میں آسانی پیدا فرما دیتا ہے)۔۵ (اللہ متقی کے گناہ معاف فرمادے گا)۔(نوح ۷۱): ۳۔۴۔(النبا ۷۸): ۳۱ تا ۳۶۔(الّیل ۹۲): ۵ تا ۷۔(البیّنۃ ۹۸): ۸۔

203۔[۲]۔ تقویٰ سے متعلق متفرق آیات

(البقرۃ ۲): ۱۸۳ (روزے سے تقویٰ کا حصول)۔۲۱۲۔(ال عمران ۳): ۷۶۔۱۲۵۔۱۷۲۔۱۸۶ (ہمت کا کام)۔۱۹۸۔(النسآء ۴): ۷۷۔۱۲۸۔۱۲۹۔۱۳۱۔(المآئدۃ ۵): ۲۔۸۔۲۷۔۶۵۔۹۳۔(الانعام ۶): ۳۲۔(الاعراف ۷): ۲۶۔۳۵۔۹۶۔۱۲۸۔۱۶۹۔۲۰۱۔(الانفال ۸): ۳۴۔(التوبۃ ۹): ۴۔۷۔۳۶۔۴۴۔۱۰۸۔۱۰۹۔۱۲۳۔(یونس ۱۰): ۶۔۶۳ (ولی اللہ کی صفت)۔(ھود ۱۱): ۴۹۔(یوسف ۱۲): ۵۷۔۹۰۔۱۰۹۔(الحجر ۱۵): ۴۵۔(النحل ۱۶): ۳۰۔۱۲۸۔(الحج ۲۲): ۳۲۔۳۷ (اللہ کو قربانی کا گوشت اور خون نہیں بلکہ دل کا تقویٰ پہنچتا ہے)۔(النّور ۲۴): ۳۴۔(الشعرآء ۲۶): ۱۱۔(القصص ۲۸): ۸۳۔(الاحزاب ۳۳): ۳۲۔۷۰۔(فاطر ۳۵): ۱۸ (بن دیکھے اللہ سے ڈرنا)۔(یٰسٓ ۳۶): ۱۱ (بن دیکھے اللہ سے ڈرنا)۔(صٓ ۳۸): ۲۸۔(الزمر ۳۹): ۱۰۔۲۰۔(محمد ۴۷): ۱۷۔(الحجرات ۴۹): ۳۔۱۰۔(قٓ ۵۰): ۳۱۔۳۳۔(المجادلۃ ۵۸): ۹۔(الملک ۶۷): ۱۲۔(المعارج ۷۰): ۲۷۔(النّٰزعٰت ۷۹): ۴۰۔(الّیل ۹۲): ۱۷۔

204۔ تکبر / اِترانا/غرور

(البقرۃ ۲): ۳۴ (ابلیس)۔۸۷۔۲۰۶۔(النساء ٤): ۳۶۔۱۷۲۔۱۷۳۔(المآئدۃ ٥): ۸۲۔ (الانعام ٦): ۹۳۔(الاعراف ۷): ۱۳۔۳۶۔۴۰۔۴۸۔۷۶۔۱۳۳۔۱۴۶۔۲۰۶۔(یونس ۱۰): ۷۵۔(النحل ۱٦): ۲۲۔۲۳۔۲۹۔۴۹۔(الکھف ۱۸): ۳۴۔۳۵۔(المؤمنون ۲۳): ۴۶۔۶۷۔(الفرقان ۲٥): ۲۱۔(النمل ۲۷): ۱۴۔(القصص ۲۸): ۳۹۔۷۶ (مال ودولت پر اِترانے کی ممانعت)۔۸۳۔(العنکبوت ۲۹): ۳۹۔(لقمٰن ۳۱): ۷۔۱۸۔(السجدۃ ۳۲): ۱۵۔(فاطر ۳٥): ۴۳۔(الصّٰفّٰت ۳۷): ۳۵۔(صٓ ۳۸): ۲۔۷۴۔(الزمر ۳۹): ۵۹۔۶۰ (تکبر کرنے والوں کا ٹھکانہ جہنم)۔۷۲۔(المؤمن ٤۰): ۲۷۔۳۵۔۴۷۔۴۸۔۵۶۔۶۰۔۷۵ (اِترانے اور اکڑنے والوں کا انجام)۔۷۶۔(حٰمٓ السّجدۃ ٤۱):۱۵۔۳۸۔(الجاثیۃ ٤٥):۸۔۳۱۔(الاحقاف ٤٦):۱۰۔۲۰۔(الحدید ٥۷): ۲۳ (اللہ کی نعمت پرمت اِترایا کرو)۔(المنٰفقون ٦۳) : ۵۔(نوح ۷۱): ۷۔(المدّثّر ۷٤): ۲۳۔

205۔ تکلّف

(صٓ ۳۸): ۸۶۔

206۔ تمسخر (اللہ تعالیٰ کا منافقین سے تمسخر فرمانا)

(البقرۃ ۲): ۱۵۔(التوبۃ ۹): ۷۹۔

207۔ تنگی اور آسانی

(الطلاق ٦٥): ۷ (اللہ تعالیٰ تنگی کے بعد آسانی عطا فرمائیں گے)۔(الّیل ۹۲): ۵تا۷ (اللہ کن کے لئے آسانی پیدا فرمائے گا؟)۔۸تا۱۰ (اللہ کن کے لئے تنگی پیدا فرمائے گا؟)۔(الم نشرح ۹٤):۵،۶ (یقیناً تنگی کے ساتھ آسانی ہے)۔

208۔ توبہ/استغفار

(البقرۃ ۲):۳۷ (آدم علیہ السلام کی توبہ)۔۵۴ (موسیٰ علیہ السلام کی قوم کی توبہ)۔۱۲۸ (توبہ کی دعا)۔۱۶۰ (جو توبہ کرلیں، اصلاح کرلیں اور حق بیان کردیں تو میں اُن کی توبہ قبول کرلیتا ہوں)۔۲۲۲ (توبہ کرنے والوں سے اللہ تعالیٰ کی محبت)۔۲۷۹۔۲۸۵۔(اٰل عمرٰن ۳): ۱۶۔۱۷ (سحری کے وقت استغفار کرنے والے)۔۸۹۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] ۹۰ (کن لوگوں کی توبہ ہرگز قبول نہ ہوگی؟)۔۱۲۸۔۱۲۹۔۱۳۵۔(النسآء ٤): ۱۶۔۱۷ (قبولیت کی شرائط)۔۱۸ (موت کے وقت توبہ ناقابلِ قبول)۔۴۳۔۶۴۔ ۱۰۵۔ ۱۰۶۔۱۱۰ (جو گناہ کے بعد استغفار کرے)۔ ۱۴۶ (قبولیت کی شرائط)۔(المآئدة ٥):۳۴۔۳۹۔۷۴۔۳۹۔۷۴۔(الانعام ٦): ۵۴ (جو کوئی برائی کے بعد توبہ کر لے)۔(الاعراف ٧): ۱۵۳ (جو گناہ کے بعد توبہ کرلے)۔(الانفال ٨): ۳۳ (اللہ تعالیٰ استغفار کی برکت سے عذاب نازل نہیں فرماتا)۔۷۰۔(التوبة ٩): ۳۔۵۔۱۱۔۲۷۔۷۴۔۸۰ (کافر یا مشرک کے لئے استغفار بے کار ہے)۔۱۰۴ (اللہ تعالیٰ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے)۔۱۰۶۔۱۱۲ (توبہ کرنے والے)۔ (هود ١١):۳ (فضیلت)۔۵۲ (فضیلت)۔ ۶۱۔۹۰۔(یوسف ١٢): ۹۷،۹۸۔(النحل ١٦): ۱۱۹ (جو برائی کے بعد توبہ اور اصلاح کرلے)۔(الكهف ١٨): ۵۵ (لوگ توبہ کیوں نہیں کرتے؟)۔(مریم ١٩): ۶۰۔(طٰه ٢٠):۸۲ (شرائط)۔(المؤمنون ٢٣): ۱۰۹۔۱۱۸۔ (النّور ٢٤): ۵۔۳۱ (سب مل کر اللہ کے آگے توبہ کرو تا کہ تم فلاح پاؤ)۔(الفرقان ٢٥): ۷۰ (اللہ تعالیٰ سچی توبہ سے گناہ نیکیوں میں تبدیل فرما دیتا ہے)۔۷۱ (توبہ کے بعد نیک اعمال)۔(النمل ٢٧): ۴۶ (استغفار اللہ تعالیٰ کی رحمت کا باعث)۔ (القصص ٢٨): ۶۷۔(صٓ ٣٨):۲۴۔(الزمر ٣٩): ۵۳،۵۴۔(المؤمن ٤٠):۳۔۷ (استغفار کرنے والوں کے حق میں فرشتوں کی دعا)۔۵۵ (محمد رسول اللہ ﷺ کو استغفار کا حکم)۔(حٰمٓ السّجدة ٤١): ۶۔(الشورٰى ٤٢): ۵ (فرشتوں کا زمین والوں کے لئے استغفار کرنا)۔۲۵۔(محمد ٤٧): ۱۹ (محمد ﷺ کو استغفار کا حکم)۔(الحجرٰت ٤٩): ۱۱ (توبہ نہ کرنے والے ظالم ہیں)۔۱۲ (اللہ توبہ قبول کرنے والا ہے)۔(الذّٰریٰت ٥١): ۱۸ (سحری کے وقت استغفار کرنے والے)۔(التّحریم ٦٦): ۴۔۸ (خالص توبہ کے فوائد)۔(نوح ٧١): ۱۰ تا ۱۲ (فضیلت)۔(المزمل ٧٣): ۲۰۔ (البروج ٨٥): ۱۰۔(النصر ١١٠):۳۔

209۔ توحید

209۔[۱]۔ توحید کی تعریف اور توحید کا خلاصہ

(الاخلاص ١١٢): ۱ تا ۴۔

209۔[۲]۔ توحید تمام انبیاء کی دعوت کی بنیاد تھی

(البقرة ٢): ۱۳۲ (یعقوبؑ کے بیٹوں کا ایک الٰہ کی عبادت کا عزم)۔(اٰل عمرٰن ٣): ۱۸ (اللہ تعالیٰ، فرشتے اور اہلِ علم گواہی دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں)۔۵۱ (عیسیٰؑ کی دعوت)۔۶۴ (اے اہلِ کتاب! جو بات ہم میں اور تم میں مشترک ہے اُس کی طرف آؤ کہ ہم اللہ کے علاوہ کسی اور کی عبادت نہ کریں)۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (الاعراف ۷) : ۵۹ (نوحؑ کی دعوت)۔۶۵ (ہودؑ کی دعوت)۔۷۳ (صالحؑ کی دعوت)۔۸۵ (شعیبؑ کی دعوت)۔(ھود ۱۱): ۲۶ (نوحؑ کی دعوت)۔۵۰ (ہودؑ کی دعوت)۔۶۱ (صالحؑ کی دعوت)۔۸۴ (شعیبؑ کی دعوت)۔(یوسف ۱۲):۳۸تا۴۰ (یوسفؑ کی دعوت)۔۱۰۸ (توحید ہی محمد ﷺ کی راہ ہے)۔(النحل ۱۶): ۳۶ (توحید تمام انبیاء کی دعوت ہے)۔(بنی اسرائیل ۱۷):۲ (تورات میں توحید کا حکم)۔(مریم ۱۹):۴۲تا۴۵ (ابراہیمؑ کی باپ کو دعوت)۔(الانبیآء ۲۱): ۲۵ (توحید تمام انبیاء کی دعوت ہے)۔(المؤمنون ۲۳): ۲۳ (نوحؑ کی دعوت)۔(الشوریٰ ۴۲): ۱۳ (توحید تمام انبیاء کا دین ہے)۔(الزخرف ۴۳): ۴۵ (اللہ نے محمد ﷺ سے پہلے بھی کسی نبی کو غیر اللہ تعالیٰ کی عبادت کا حکم نہیں دیا)۔(الاحقاف ۴۶): ۲۱ (ہودؑ کی دعوت)۔(نوح ۷۱):۳ (نوحؑ کی دعوت)۔(الجن ۷۲): ۲تا۵ (جنات کی جماعت کی توحید)۔(البروج ۸۵): ۸ (اصحاب الاخدود کو توحید کی بنا پر جلایا گیا)۔

209۔[۳]۔ توحید ربوبیت (اللہ کو کائنات کی ہر چیز کا خالق، مالک، رازق اور تمام امور کی تدبیر کرنے والا ماننا۔اس توحید کو مشرک بھی مانتے ہیں)

(الفاتحۃ ۱): ۲۔(البقرۃ ۲): ۲۱۔۲۲۔(آل عمرٰن ۳): ۵۱ (عیسیٰؑ کی دعوت، توحید ہی صراطِ مستقیم ہے)۔(الانعام ۶): ۷۱۔۱۰۲۔۱۵۱۔(الاعراف ۷):۵۴۔۸۵۔۱۷۲ (اللہ نے عالمِ ارواح میں پوچھا کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟)۔(یونس ۱۰): ۳۱ (مشرک بھی توحید ربوبیت کو مانتے ہیں)۔(ھود ۱۱): ۶۱۔(الرعد ۱۳): ۳۰۔(بنی اسرائیل ۱۷): ۳۹۔(الکھف ۱۸): ۱۴ (ہمارا رب آسمانوں اور زمین کا رب ہے، ہم اُس کے ساتھ کسی کو ہرگز شریک نہ کریں گے)۔۳۸ (وہ اللہ میرا رب ہے اور میں اُس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا)۔(مریم ۱۹): ۳۶ (یقیناً اللہ ہی میرا اور تمہارا رب ہے سو اُس ہی کی عبادت کرو)۔۶۵ (اللہ آسمانوں، زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کا رب ہے، سو اُس کی عبادت پر قائم رہو)۔(الانبیآء ۲۱):۹۲ (اللہ نے فرمایا میں تمہارا رب ہوں سو میری ہی عبادت کرو)۔(الحج ۲۲): ۴۰ (مہاجرین کو تکالیف دیے جانے کا سبب صرف یہ کہنا تھا کہ اللہ ہمارا رب ہے)۔(المؤمنون ۲۳): ۸۴تا۸۹ (مشرک بھی توحید ربوبیت کو مانتے ہیں)۔۱۱۶۔(النمل ۲۷): ۶۰تا۶۴ (اللہ نے ہر آیت میں اپنی تخلیق اور صفات بیان کرنے کے بعد فرمایا: کیا اللہ کے علاوہ کوئی اور معبود ہے؟)۔(العنکبوت ۲۹): ۶۱، ۶۳ (مشرک بھی توحید ربوبیت کو مانتے ہیں)۔(لقمٰن ۳۱): ۲۵ (مشرک بھی توحید ربوبیت کو مانتے ہیں)۔(فاطر ۳۵):۳ (اللہ کے علاوہ وہ کون ہے جو تمہیں آسمان اور زمین سے رزق دیتا ہے؟)۔(الزمر ۳۹): ۶۔۳۸ (مشرک بھی توحید ربوبیت کو مانتے ہیں)۔[بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (المؤمن ٤٠):٢٨ (کیا تم ایک آدمی کو صرف اس لئے قتل کرنا چاہتے ہو کہ وہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے؟)۔ ٦٢۔(حٰم السّجدة ٤١)٣٠:(توحیدِ ربوبیت پر استقامت کی فضیلت)۔(الزخرف ٤٣): ٩ (مشرک بھی توحید ربوبیت کو مانتے ہیں)۔٨٧ (مشرک بھی توحیدِ ربوبیت کو مانتے ہیں)۔٦٤ (یقیناً اللہ ہی میرا اور تمہارا رب ہے سو اُس ہی کی عبادت کرو)۔ (الدخان ٤٤): ٨ (تمہارا رب اور تمہارے اباؤ اجداد کا رب)۔(الاحقاف ٤٦): ١٣ (توحیدِ ربوبیت پر استقامت کی فضیلت)۔(الممتحنة ٦٠): ١ (اللہ کو رب ماننے کے باعث تکالیف کا سامنا)۔(المزمل ٧٣): ٩ (اللہ مشرق اور مغرب کا رب ہے)۔

209۔[٤]۔ **توحیدِ الوہیت** (اللہ کی ذات، صفات اور قولی، مالی یا بدنی عبادات میں کوئی شریک نہیں۔اس توحید کا ہر دور کے مشرک انکار کرتے ہیں)

(البقرة ٢): ٨٣ (اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو)۔١٦٣ (تمہارا معبود ایک ہی ہے، اُس کے سوا کوئی معبود نہیں)۔٢٥٥۔ (ال عمرٰن ٣): ٢۔٦۔١٨ (اللہ، فرشتے اور اہلِ علم گواہی دیتے ہیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں)۔٦٢۔٦٤ (اے اہلِ کتاب جو بات ہم میں اور تم میں مشترک ہے اُس کی طرف آؤ کہ ہم اللہ کے علاوہ کسی اور کی عبادت نہ کریں)۔(النسآء ٤): ٣٦۔ ٨٧۔(المآئدة ٥): ٧٣۔(الانعام ٦): ٧١ (کیا ہم اللہ کے سوا اُسے پکاریں جو نہ نفع دے سکے نہ نقصان؟)۔٧٤۔ ١٠٢۔١٠٦۔١٥١۔١٦٣ (اللہ کا کوئی شریک نہیں)۔(الاعراف ٧): ٥٩ (نوحؑ کی دعوت)۔٦٥ (ہودؑ کی دعوت)۔ ٧٣ (صالحؑ کی دعوت)۔٨٥ (شعیبؑ کی دعوت)۔١٥٨۔١٧٢۔١٧٣،١٧٤ (عہدِ اَلَسْتُ، اللہ تعالیٰ نے عالم ارواح میں مشرکین کے دو عذر نا قابلِ قبول قرار دیے)۔(التوبة ٩): ٣١۔١٢٩۔(یونس ١٠): ٩٠۔(هود ١١):٢۔١٤۔٢٦ (نوحؑ کی دعوت)۔٥٠ (ہودؑ کی دعوت)۔٦١ (صالحؑ کی دعوت)۔٨٤ (شعیبؑ کی دعوت)۔(یوسف ١٢): ٣٨ تا ٤٠ (یوسفؑ کی دعوت)۔١٠٨ (توحید ہی محمد ﷺ کی راہ ہے)۔(الرعد ١٣): ٣٠۔٣٦۔(النحل ١٦): ٢۔٣٦ (تمام انبیاء کی دعوت)۔٥١ (اللہ نے فرمایا کہ دو معبود مت بناؤ)۔(بنی اسرائیل ١٧): ٢ (تورات میں توحید کا حکم)۔٢٢،٢٣ (اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو)۔٣٩۔١١١ (اللہ تعالیٰ کی کوئی اولاد نہیں، اس کی بادشاہت میں کوئی شریک نہیں اور اس کا کوئی بھی مددگار نہیں)۔(الکهف ١٨): ١٤،١٥ (اصحابِ کہف کی توحید)۔١١٠ (جسے اپنے رب سے ملنے کی امید ہو اُسے چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے)۔(مریم ١٩): ٣٥ (کسی کو اپنی اولاد بنانا اللہ کی شان کے منافی ہے)۔٤٢ تا ٤٥ (ابراہیمؑ کی باپ کو دعوت)۔٩٢ (کسی کو اپنی اولاد بنانا اللہ کی شان کے منافی ہے)۔(طٰهٰ ٢٠): ٨۔١٤ (بے شک میں ہی اللہ ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں)۔٩٨۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (الانبیآء ۲۱): ۲۲ (اگر آسمان وزمین میں اللہ تعالیٰ کے سوا اور معبود ہوتے تو یہ درہم برہم ہو جاتے)۔ ۲۵ (تمام انبیاء کی دعوت)۔۸۷۔۱۰۸ (تمہارا معبود ایک ہی ہے)۔(المؤمنون ۲۳): ۲۳ (نوحؑ کی دعوت)۔۳۲۔ ۹۱ (اگر اللہ کے علاوہ کوئی معبود ہوتا تو وہ اپنی مخلوق کو لے کر چڑھائی کر دیتا)۔(الفرقان ۲۵): ۲ (اللہ کی کوئی اولاد نہیں، اللہ کی سلطنت میں کوئی شریک نہیں)۔(الشعرآء ۲۶): ۲۱۳ (اللہ کے سوا کسی اور کو نہ پکارنا ورنہ عذاب کے مستحق ہو جاؤ گے)۔ (النمل ۲۷): ۲۲ تا ۲۶ (ہدہد کا توحید کا وعظ، شرک کا رد)۔۵۹ (اللہ بہتر ہے یا شرکاء؟)۔۶۰ تا ۶۴ (اللہ نے ہر آیت میں اپنی تخلیق اور صفات بیان کرنے کے بعد فرمایا: کیا اللہ کے علاوہ کوئی اور معبود ہے؟)۔(القصص ۲۸): ۷۰۔۸۸ (اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کو مت پکارو)۔(العنکبوت ۲۹): ۱۶۔۳۶۔(فاطر ۳۵): ۳۔(یٰسٓ ۳۶): ۶۱ (اکیلے اللہ کی عبادت کرنا ہی صراطِ مستقیم ہے)۔(الصّٰفّٰت ۳۷): ۳۵۔(صٓ ۳۸): ۶۵۔(الزمر ۳۹): ۲ (اللہ کی اخلاص کے ساتھ عبادت کرو)۔ ۱۷ (غیر اللہ کی عبادت سے اجتناب کی فضیلت)۔(المؤمن ۴۰): ۳۔۴۱،۴۲ (صرف اللہ ہی کو مشکل کشا ماننا نجات کی دعوت ہے)۔۶۲۔۶۵۔(حٰمٓ السّجدة ۴۱): ۱۴۔۳۰ (توحید پر استقامت والوں کو فرشتوں کی بشارتیں)۔(الشوریٰ ۴۲): ۱۳ (توحید تمام انبیاء کا دین ہے، توحید کی دعوت مشرکین پر بہت بھاری ہے)۔(الزخرف ۴۳): ۴۵ (اللہ نے محمد ﷺ سے پہلے بھی کسی نبی کو غیر اللہ کی عبادت کا حکم نہیں دیا)۔۸۱ (اللہ کی اولاد ہوتی تو محمد ﷺ سب سے پہلے اُس کی عبادت کرتے)۔۸۴ (اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین دونوں میں اکیلا معبود ہے)۔(الدخان ۴۴): ۸۔(الاحقاف ۴۶): ۱۳ (توحید پر استقامت کی فضیلت)۔۲۱ (ہودؑ کی دعوت)۔(محمد ۴۷): ۱۹ (جان لو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں)۔(الذّٰریٰت ۵۱): ۵۱۔ (الطّور ۵۲): ۴۳۔(الحشر ۵۹): ۲۲۔۲۳۔(التغابن ۶۴): ۱۳۔(نوح ۷۱): ۳ (نوحؑ کی دعوت)۔ (الجن ۷۲): ۲ تا ۵ (جنات کی جماعت کی توحید)۔۳ (اللہ کی نہ تو بیوی ہے اور نہ ہی کوئی بیٹا)۔۱۸ (مساجد میں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کو مت پکارو)۔۲۰۔(المزمل ۷۳): ۹۔(البروج ۸۵): ۸ (اصحا [illegible] الاخدود کو توحید کی بنا پر جلایا گیا)۔ (الاخلاص ۱۱۲): ۴ (اللہ نے نہ کسی کو جنا اور نہ ہی اللہ کسی سے جنا گیا)۔(النّاس ۱۱۴): ۳ (اللہ تعالیٰ ہی لوگوں کا معبود ہے)۔

209۔[۵]۔ توحید الاسمآء والصفات (اللہ کی صفات پر بغیر کسی تاویل، تمثیل، کیفیت یا تعطیل کے ایمان لانا)

(الفاتحة ۱): ۳۔۴۔(البقرة ۲): ۲۵۵۔(ال عمران ۳): ۲۔۶۔(الانعام ۶): ۳ (اللہ آسمانوں اور زمین دونوں میں اکیلا معبود ہے)۔۱۴ (کیا اللہ کے سوا کسی اور کو مددگار بناؤں؟ جو اللہ سب کو کھلاتا ہے اور اُس کو کوئی نہیں کھلاتا)۔۴۶ (اگر اللہ تعالیٰ تمہارے سننے اور دیکھنے کی طاقت چھین لے تو اللہ کے علاوہ کون سا معبود تمہیں یہ چیزیں لوٹا سکتا ہے؟)۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] ۷۹-۱۰۲-(الاعراف ۷): ۱۵۸-(یونس ۱۰): ۱۰۶ (اللہ کو چھوڑ کر ایسوں کو مت پکارو جو نہ نفع پہنچا سکیں نہ نقصان)-(النحل ۱٦): ۷۱ (اللہ کی واحدانیت کی مثال)-۷۲ (لوگ اللہ کی نعمتوں کے باوجود باطل پر ایمان لاتے ہیں)-(الکھف ۱۸): ۲٦ (اللہ اپنے حکم میں کسی کو شریک نہیں کرتا)-(مریم ۱۹): ۴۲ (تم اُس کی کیوں عبادت کرتے ہو جو نہ سُن سکے، نہ دیکھ سکے اور نہ ہی تمہاری کوئی مدد کر سکے؟)-(طٰہٰ ۲۰): ۸ (اللہ کے اسماء الحسنٰی)-(الانبیآء ۲۱): ۵۷ تا ٦۷ (ابراہیم علیہ السلام نے بتوں کو توڑ کر قوم کو سمجھایا کہ بُت نہ بول سکتے ہیں، نہ ہی نفع یا نقصان کے مالک ہیں)-(الفرقان ۲۵): ۲ (آسمانوں اور زمین کی بادشاہت اللہ ہی کی ہے)-(القصص ۲۸): ۷۱ (اگر اللہ رات ہی رہنے دے تو کیا کوئی معبود دن نکال سکتا ہے؟)-۷۲ (اگر اللہ دن ہی رہنے دے تو کیا کوئی معبود رات کر سکتا ہے؟)-(المؤمن ٤۰): ٦۵-(الدخان ٤٤): ۸ (اللہ زندگی اور موت کا مالک ہے)-(الحشر ۵۹): ۲۲ تا ۲۴-

210۔ تورات (بنی اسرائیل کی ہدایت کے لئے موسیٰ علیہ السلام پر اللہ کی نازل کردہ کتاب)

(البقرۃ ۲): ۵۳-٦۳-۷۵ (تحریف)-۷۸-۸۷-(اٰل عمرٰن ۳): ۳-۴۸-۵۰-٦۵-۹۳-(المآئدۃ ۵): ۴۳-۴۴-٦٦-٦۸-۱۱۰-(الانعام ٦): ۹۱-۱۵۴-(الاعراف ۷): ۱۴۵-۱۵۴-۱۵۷-(التوبۃ ۹): ۱۱۱-(ھود ۱۱): ۱۷-۱۱۰-(بنی اسرائیل ۱۷): ۲-(الانبیآء ۲۱): ۴۸-(المؤمنون ۲۳): ۴۹-(الفرقان ۲۵): ۳۵-(القصص ۲۸): ۴۳-(السجدۃ ۳۲): ۲۳-(الصّٰفّٰت ۳۷): ۱۱۷-(المؤمن ٤۰): ۴۵-۵۳-۵۴-(حٰمٓ السّجدۃ ٤۱): ۴۵-(الجاثیۃ ٤۵): ۱٦-(الاحقاف ٤٦): ۱۲-(الفتح ٤۸): ۲۹-(الصّف ٦۱): ٦-(الجمعۃ ٦۲): ۵-

211۔ توفیق (نیک اعمال کی توفیق دینا اللہ ہی کا اختیار ہے)

(ھود ۱۱): ۸۸-

212۔ توکل (اللہ پر بھروسہ)

(اٰل عمرٰن ۳): ۱۲۲ (مؤمنین کو اللہ پر ہی توکل کرنا چاہیے)-۱۵۹ (مشورے اور پختہ ارادے کے بعد اللہ پر توکل کرو)-۱٦۰ (مؤمنین کو اللہ پر ہی توکل کرنا چاہیے)-(النسآء ٤): ۸۱-(المآئدۃ ۵): ۱۱ (مؤمنین کو اللہ پر ہی توکل کرنا چاہیے)-۲۳ (اگر تم مؤمن ہو تو صرف اللہ ہی پر توکل کرو)-(الاعراف ۷): ۸۹-(الانفال ۸): ۲ (مؤمنین کی نشانی)-۴۹ (جو اللہ پر توکل کرتا ہے تو اللہ نہایت قوت والا اور نہایت حکمت والا ہے)- [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] ۶۱ (اللہ پر توکل کرو، یقیناً وہ سب سُننے والا، سب جاننے والا ہے)۔(التوبۃ ۹): ۵۱ (کہہ دو ہم پر کوئی مصیبت نہ آئے گی مگر وہ جو اللہ نے ہمارے لئے لکھ دی ہے، مؤمنین کو اللہ پر ہی توکل کرنا چاہیے)۔۱۲۹ (کہہ دو میرے لئے اللہ تعالیٰ ہی کافی ہے، میں اُس ہی پر توکل کرتا ہوں)۔(یونس ۱۰): ۷۱۔۸۴۔۸۵۔(ھود ۱۱):۵۶۔۸۸۔۱۲۳۔ (یوسف ۱۲): ۶۷ (توکل کرنے والوں کو صرف اللہ ہی پر توکل کرنا چاہیے)۔(الرعد ۱۳): ۳۰۔(ابرٰھیم ۱۴): ۱۱۔۱۲۔(النحل ۱۶): ۴۲ (صبر اور اپنے رب پر توکل کرنے والوں کے لئے دنیا میں بھلائی اور آخرت میں اجر)۔۹۹ (اپنے رب پر توکل کرنے والے مؤمنین پر شیطان کا زور نہیں چلتا)۔(الفرقان ۲۵): ۵۸ (اُس اللہ پر توکل کرو جو ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے، جسے کبھی موت نہیں آئے گی)۔(الشعرآء ۲۶): ۲۱۷ (زبردست طاقت والے انتہائی رحم کرنے والے اللہ پر توکل کرو)۔ (النمل ۲۷): ۷۹۔(العنکبوت ۲۹): ۵۹ (جنت کے اُونچے محلات پانے والوں کی صفت)۔(الاحزاب ۳۳):۳۔ ۴۸۔(الزمر ۳۹): ۳۸۔(المؤمن ۴۰):۴۴ (اپنا کام اللہ کے سپرد کرنا)۔(الشورٰی ۴۲):۱۰۔۳۶ (جو ہمیشہ رہنے والی نعمتیں اللہ کے پاس ہیں وہ متوکلین کے لئے بہت بہتر ہیں)۔(المجادلۃ ۵۸): ۱۰۔(الممتحنۃ ۶۰):۴۔ (التغابن ۶۴): ۱۳۔(الطلاق ۶۵): ۳ (جو اللہ پر توکل کرے گا، اللہ اُس کے لئے کافی ہو جائے گا)۔(الملک ۶۷): ۲۹۔

213۔ تہمت/بہتان

(النسآء ۴): ۱۱۲۔۱۵۶۔(النّور ۲۴): ۴ (اگر کوئی کسی عورت پر زنا کی تہمت لگائے لیکن ۴ گواہ پیش نہ کر سکے، اُس کے لئے ۸۰ کوڑوں کی سزا)۔۶۔۱۲۔۱۶۔۲۳۔۲۴ (پاک دامن عورتوں پر جھوٹی تہمت لگانے والوں کا انجام)۔۲۶۔(الاحزاب ۳۳): ۵۸۔(الممتحنۃ ۶۰):۱۲ (عورتوں سے بہتان درازی سے گریز کرنے کی بیعت)۔

214۔ تیمّم

(النسآء ۴): ۴۳۔(المآئدۃ ۵):۶۔

[ٹ]

215۔ ٹخنہ

(المآئدة ٥): ٦ (وضو میں پاؤں کو ٹخنوں تک دھونا)۔

216۔ ٹڈی دَل

(الاعراف ٧): ١٣٣۔(القمر ٥٤): ٧۔

217۔ ٹوہ میں رہنا (دوسروں کے عیب ڈھونڈنا/تجسس میں رہنا)

(ال عمرٰن ٣): ٩٩۔(بنی اسرائیل ١٧): ٣٦۔(الحجرٰت ٤٩): ١٢۔(الھمزہ ١٠٤): ١۔

[ث]

218۔ ثابت قدمی

(البقرة ۲): ۲۵۰۔(آل عمران ۳): ۲۰۰۔(النسآء ٤): ٦٦۔(الانفال ۸): ۴۵۔(هود ۱۱): ۱۲۰۔
(ابرٰهيم ١٤): ۲۷ (اللہ کلمۂ توحید سے مؤمنین کو دنیا اور آخرت میں ثابت قدمی عطا فرماتے ہیں)۔(النحل ١٦): ۹۴۔۱۰۲۔
۱۲۰۔(بنی اسرائیل ۱۷): ۷۴۔(مریم ۱۹): ۶۵۔(الفرقان ۲۵): ۳۲۔(محمد ٤٧): ۷۔

219۔ ثمود/قومِ ثمود (پیغمبر: حضرت صالحؑ، اس قوم پر ہولناک چنگھاڑ اور زلزلے کا عذاب آیا)

(الاعراف ۷): ۷۳۔(التوبة ۹): ۷۰۔(هود ۱۱): ۶۱۔۶۸۔۹۵۔(ابرٰهيم ١٤): ۹۔(بنی اسرائیل ۱۷):
۵۹۔(الحج ۲۲): ۴۲۔(الفرقان ۲۵): ۳۸۔(الشعرآء ۲٦): ۱۴۱۔(النمل ۲۷): ۴۵۔(العنکبوت ۲۹):
۳۸۔۴۰ (چیخ کا عذاب)۔(صٓ ۳۸): ۱۳۔(المؤمن ٤٠): ۳۱۔(حٰمٓ السجدة ٤١): ۱۳۔۱۴۔۱۷۔
(قٓ ٥٠): ۱۲۔(الذّٰريٰت ٥١): ۴۳ تا ۴۵۔(النجم ٥٣): ۵۱۔(القمر ٥٤): ۲۳ تا ۳۱ (قومِ ثمود پر عذاب کی
تفصیل)۔(الحآقّة ٦٩): ۴۔۵۔(البروج ٨٥): ۱۷، ۱۸۔(الفجر ٨٩): ۹۔(الشمس ٩١):
۱۱ تا ۱۵ (عذاب)۔

220۔ ثواب

220۔[ا]۔ اجر، درجات، اعمال کا بدلہ

(البقرة ۲): ۶۲۔۱۰۳۔۱۱۲ (نیک مؤمنین کے لئے اعمال کا اجر)۔۲۷۷۔(آل عمران ۳): ۵۷۔۱۹۵۔۱۳۶۔
۱۴۸۔۱۶۳ (مختلف درجات)۔۱۷۲۔۱۷۹۔۱۹۵۔(النسآء ٤): ۴۰ (ایک نیکی کا دوگنا اجر)۔۶۷۔۹۵۔۹۶۔۱۱۴۔
۱۴۶۔۱۵۲۔۱۶۲۔۱۷۳۔(المآئدة ٥): ۹۔(الانعام ٦): ۸۳۔۱۳۲۔۱۶۰ (ایک نیکی کا دس گنا ثواب ملے گا)۔
(الاعراف ۷): ۱۷۰۔(الانفال ۸): ۴۔۲۸۔(التوبة ۹): ۲۰۔۲۲۔۱۲۱۔(یونس ١٠): ۴۔۲۶۔
(هود ۱۱): ۳۔۱۱۔(النحل ١٦): ۹۶۔۹۷۔(بنی اسرائیل ۱۷): ۱۰۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (الکھف ۱۸): ۲۔۲۱ (درجات)۔۳۴۔(طٰہٰ ۲۰): ۷۵ (بلند درجات)۔(النّور ۲۴): ۳۸۔(النمل ۲۷): ۸۹ (نیکی کا اس سے بہتر اجر ملے گا)۔۹۰ (گناہ کا اس کے برابر ہی بدلہ ملے گا)۔(القصص ۲۸): ۵۴ (اسلام قبول کرنے والے اہلِ کتاب کے لئے دوگنا اجر)۔۸۰۔۸۴ (نیکی کا بہت بہتر بدلہ)۔(العنکبوت ۲۹): ۷۔(الروم ۳۰): ۴۵۔(الاحزاب ۳۳): ۳۱ (ازواجِ مطہرات کے لئے دوہرا اجر)۔۳۵ (اجرِ عظیم)۔(سبا ۳۴): ۳۷ (دوہرا اجر)۔(فاطر ۳۵): ۷۔۳۰۔(الصّٰفّٰت ۳۷): ۳۹ (اسی کا بدلہ ملے گا جو تم کرتے تھے)۔(الزمر ۳۹): ۱۰ (صبر کرنے والوں کے لئے بے حساب اجر ہے)۔۳۵۔(حٰمٓ السّجدۃ ۴۱): ۸۔(الشوریٰ ۴۲): ۲۳۔۴۰۔(الاحقاف ۴۶): ۱۹ (اعمال کے مطابق ہی درجات ہوں گے)۔(محمد ۴۷): ۳۶۔(الفتح ۴۸): ۱۰۔۲۹۔(الحجرٰت ۴۹): ۳۔(النجم ۵۳): ۳۱۔۳۹ تا ۴۱ (ہر انسان کو اُس کی کوشش کے مطابق ہی بدلہ دیا جائے گا)۔(الرحمٰن ۵۵): ۶۰۔(الحدید ۵۷): ۷۔۱۰۔۱۱۔۱۸۔۱۹۔۲۷۔(المجادلۃ ۵۸): ۱۱۔(المزمل ۷۳): ۲۰ (تم جو نیکی بھی اپنے لئے آگے بھیجو گے اُس کا اللہ کے پاس بہت زیادہ اجر پاؤ گے)۔(المُرسلٰت ۷۷): ۴۴۔(النّبا ۷۸): ۲۶۔۳۶۔(الانشقاق ۸۴): ۲۵۔(التین ۹۵): ۶۔

220۔[۲]۔ اللہ تعالیٰ اجر ضائع نہیں فرماتے

(البقرۃ ۲): ۱۱۰۔۱۴۳۔۲۱۵۔(آل عمرٰن ۳): ۱۱۵۔۱۷۱۔۱۹۵۔(النساء ۴): ۱۴۷۔(الاعراف ۷): ۱۷۰۔(التوبۃ ۹): ۱۲۰۔(ھود ۱۱): ۱۱۵۔(یوسف ۱۲): ۵۶۔۹۰۔(الکھف ۱۸): ۳۰۔(الانبیآء ۲۱): ۹۴ (اللہ نیک مومن کی کوشش کی بے قدری نہیں فرمائیں گے)۔(محمد ۴۷): ۴۔۳۵۔(الحجرٰت ۴۹): ۱۴۔(المزمل ۷۳): ۲۰ (تم جو نیکی بھی اپنے لئے آگے بھیجو گے اُس کا اللہ کے پاس بہت زیادہ اجر پاؤ گے)۔

[ج]

221۔ جادو

(البقرۃ ۲): ۱۰۲ (جادو سیکھنا کفر ہے، جادو کے ذریعے میاں بیوی میں جدائی ڈالنا، صرف نقصان کا باعث ہے، جادو اختیار کرنے والے کا آخرت میں کچھ حصہ نہیں)۔(الفلق ۱۱۳):۴ (جادو کے شر سے پناہ)۔

222۔ جادُوگر

(البقرۃ ۲): ۱۰۲ (اللہ کی مرضی کے بغیر کسی کو نقصان نہیں پہنچا سکتا)۔(یونس ۱۰): ۷۷۔(طٰہٰ ۲۰):۶۹۔

223۔ جالوت

(البقرۃ ۲): ۲۴۹تا۲۵۱۔

224۔ جان (جان بچانا / جان لینا)

(المآئدۃ ۵): ۳۲ (جس نے کسی کی جان بچائی گویا اُس نے تمام انسانیت کو بچالیا، جس نے ایک کو مارا، گویا تمام کو ماردیا)۔

225۔ جانور

(البقرۃ ۲): ۱۶۴ (زمین پر ہر طرح کے جانور پھیلا دینے میں عقلمندوں کے لئے نشانیاں ہیں)۔۱۷۳ (مردہ جانور حرام ہے)۔ (الحج ۲۲): ۱۸ (اللہ کو سجدہ)۔(النور ۲۴): ۴۵ (رینگنے والے، دو اور چار پاؤں والے)۔(لقمٰن ۳۱): ۱۰۔ (فاطر ۳۵): ۲۸ (جانوروں کے مختلف رنگ)۔(الشوریٰ ۴۲): ۲۹۔(الجاثیۃ ۴۵):۴ (جانوروں میں اللہ کی نشانیاں)۔(التکویر ۸۱): ۵۔

226۔ جبریل علیہ السلام

(البقرۃ ۲): ۸۷۔۹۷ (یہودیوں کی جبریل علیہ السلام سے دشمنی)۔۹۸ (جبریل علیہ السلام سے دشمنی رکھنے والوں کا اللہ تعالیٰ دشمن ہے)۔۲۵۳۔(المآئدۃ ۵): ۱۱۰۔(النحل ۱۶):۱۰۲۔[بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (مریم ١٩): ١٧۔١٩۔٢١۔٢٢تا٢٦۔(الشعرآء ٢٦): ١٩٣۔(النجم ٥٣): ٥تا١٠ (محمد رسول اللہ ﷺ کی ابتدائی وحی کا بیان)۔١٣،١٤۔(التحریم ٦٦): ٤۔(المعارج ٧٠): ٤۔(التکویر ٨١): ١٩تا٢١ (جبریل علیہ السلام کی عظمت اور صفات)۔٢٣۔(القدر ٩٧): ٤۔

227۔ جزیہ (کفار سے جزیہ لو)

(التوبة ٩): ٢٩۔

228۔ جفت

(الفجر ٨٩): ٣۔

229۔ جلاوطن/ملک بدر

(البقرة ٢): ٨٤۔٨٥۔(المآئدة ٥): ٣٣۔(التوبة ٩): ١٣۔(ابرٰهيم ١٤): ١٣۔(الشعرآء ٢٦): ١٦٧۔(النمل ٢٧): ٥٦۔(الحشر ٥٩): ٣۔(الممتحنة ٦٠): ٨۔٩۔

230۔ جلد (جسم کی چمڑی)

(النسآء ٤): ٥٦ (جہنم میں ایک جلد جلنے کے بعد نئی جلد)۔(الحج ٢٢): ٢٠ (سر پر کھولتا پانی ڈالا جائے گا جس سے جلد جل جائے گی)۔(الزمر ٣٩): ٢٣ (قرآن کی تلاوت سے مؤمنین کی جلد نرم ہو جانا)۔(حٰمٓ السجدة ٤١): ٢٠تا٢٢ (روز قیامت جلد کا گواہی دینا)۔

231۔ جمعۃ المبارک

(الجمعة ٦٢): ٩ (جمعۃ المبارک کی اذان سے لے کر جمعہ کی نماز ختم ہونے تک تمام کاروباری معاملات چھوڑنے کا حکم)۔ ١٠ (نمازِ جمعہ ختم ہونے کے بعد رزق کی تلاش کا حکم)۔١١ (محمد رسول اللہ ﷺ جمعۃ المبارک کا خطبہ کھڑے ہو کر ارشاد فرماتے)۔

232۔ جنابت

(النسآء ٤): ٤٣ (جنابت کی حالت میں نماز کی ممانعت)۔(المآئدة ٥): ٦۔

233۔ جنّات

(الانعام ٦): ١٠٠۔١٢٨ (جنات اور انسانوں کا ایک دوسرے سے مدد لینا)۔١٣٠۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (الاعراف ۷): ۱۷۹ (اللہ تعالیٰ نے بہت سے جنات دوزخ کے لئے پیدا کیے ہیں)۔(ھود ۱۱): ۱۱۹۔(الحجر ۱۵): ۲۷ (آگ کی لو سے تخلیق)۔(بنی اسرائیل ۱۷): ۸۸ (تمام انسان وجنات مل کر بھی قرآن کے مثل نہیں لا سکتے)۔(الانبیآء ۲۱): ۸۲ (سلیمانؑ کے تابع)۔(النمل ۲۷): ۱۷۔۳۹۔(السجدة ۳۲): ۱۳۔(سبا ۳٤): ۱۲، ۱۳ (سلیمان علیہ السلام کے تابع)۔۱۴ (جنات بھی غیب کا علم نہیں جانتے)۔۴۱۔(الصّٰفّٰت ۳۷): ۱۵۸ (جنات کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے رشتے کا رد، جنات کو معلوم ہے کہ اس عقیدے کے حامل جہنمی ہیں)۔(صٓ ۳۸): ۳۷، ۳۸ (سلیمان علیہ السلام کے تابع)۔(حٰمٓ السّجدة ٤۱): ۲۵۔۲۹۔(الاحقاف ٤٦): ۱۸۔۲۹ (جنات کی ایک جماعت کا محمد رسول اللہ ﷺ کی تلاوتِ قرآن سُننا)۔۳۰ (قرآن کی تصدیق کرنا)۔۳۱، ۳۲ (دوسرے جنات کو محمد رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کی دعوت)۔(الذّٰریٰت ٥۱): ٥٦ (جنات کی تخلیق کا مقصد اللہ کی عبادت ہے)۔(الرحمٰن ٥٥): ۱۵ (جنات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا گیا)۔۳۳۔۳۹۔۵٦۔۷۴۔(الجن ۷۲): ۱ تا ۵ (جنات کی ایک جماعت کا نبی ﷺ کی تلاوتِ قرآن سُن کر ایمان لانا)۔٦ (جنات سے ڈرنے کی وجہ سے جنات کی سرکشی میں اضافہ)۔۷۔۸ تا ۱۰ (آسمان کی باتیں سُننا محال)۔۱۱ تا ۱۵ (بعض نیک ہیں اور بعض بد، جنات کے بھی فرقے ہیں)۔(النّاس ۱۱٤): ٦۔

234۔ جنت

234۔[۱]۔جنت اللہ کی رحمت سے ہی ملے گی

(اٰل عمرٰن ۳): ۱۰۷۔۱۳٦۔۱۸۵۔(الانعام ٦): ۱٦۔(الاعراف ۷): ۴۳۔۴۹۔ (المؤمن ٤٠): ۹۔(الدخان ٤٤): ٥٦، ٥۷ (اللہ تعالیٰ کا دوزخ کے عذاب سے بچا کر اپنا فضل فرمانا)۔(الجاثیة ٤٥): ۳۰۔(الطّور ٥۲): ۲۷ (اللہ کا احسان)۔۲۸ (اللہ کی انتہا درجے کی رحمت)۔(الحدید ٥۷): ۲۱۔

234۔[۲]۔جنت کی نعمتیں

(البقرة ۲): ۲۵ (ہم شکل پھل، پاکیزہ بیویاں)۔۱۵۲۔(اٰل عمرٰن ۳): ۱۵ (پاکیزہ بیویاں، اللہ کی رضامندی)۔۱۳۳ (جنت کا عرض آسمان وزمین کے عرض کے برابر ہے)۔۱۳٦۔۱۸۵۔۱۹۸ (اللہ کی طرف سے مہمانی)۔(النسآء ٤): ٥۷ (ہمیشہ کی زندگی، پاکیزہ بیویاں، گھنی چھاؤں)۔۱۲۲۔(المآئدة ٥): ۱۱۹۔(الاعراف ۷): ۴۳ (جنتیوں کے دل کینہ اور بُغض سے پاک کر دیے جائیں گے، وہ کہیں گے اللہ کا شکر ہے جس نے ہمیں یہاں پہنچا دیا)۔۴۴ (جنتیوں کا دوزخیوں سے کلام)۔(التوبة ۹): ۲۱۔۲۲۔۷۲ (ہمیشگی، پاکیزہ مکان، اللہ کی رضامندی)۔۸۹۔(یونس ۱۰): ۹ (چین کے باغات)۔۱۰ (جنتیوں کا سبحان اللہ، السلام علیکم اور الحمد للہ کہنا)۔(ھود ۱۱): ۲۳۔۱۰۸۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (الرعد ۱۳): ۲۳ (مومن اباؤاجداد، بیویوں اور اولاد کی ملاقات، دروازے)۔۲۴ (فرشتوں کا سلام)۔ ۳۵ (نہریں، ہمیشگی والے میوے اور سائے)۔(ابراھیم ۱٤): ۲۳۔(الحجر ۱۵): ۴۵ (باغات اور چشمے)۔۴۶۔۴۷ (دل سے کینہ اور عداوت ختم، تخت نشین)۔۴۸ (نہ کبھی کوئی تکلیف پہنچے گی اور نہ کبھی نکالے جائیں گے)۔(النحل ۱٦): ۳۱ (ہمیشگی والے باغات، نہریں، جو چاہیں گے ملے گا)۔(الکھف ۱۸): ۳۱ (ہمیشگی والے باغات، نہریں، سونے کے کنگن، سبز رنگ کے باریک اور موٹے ریشم کا لباس، تختوں پر تکیے لگائے ہوئے ہوں گے)۔۱۰۷ (جنت الفردوس کے باغات کی مہمانی)۔ ۱۰۸ (ہمیشگی، کبھی جگہ بدلنے کا ارادہ نہ کریں گے)۔(مریم ۱۹): ٦۱ (ہمیشگی والے باغات)۔٦۲ (کوئی لغو بات نہ سنیں گے، صبح اور شام رزق ہوگا)۔(طٰہٰ ۲۰): ۷٦۔۱۱۸ (نہ بھوک نہ ننگا پن)۔۱۱۹ (نہ پیاس نہ دھوپ)۔(الانبیآء ۲۱): ۱۰۲ (من پسند نعمتوں میں ہمیشہ کی زندگی)۔(الحج ۲۲): ۱۴۔۲۳ (سونے کے کنگن، موتی، ریشم کا لباس)۔۲۴۔۵۹ (اللہ جنتیوں کو ایسی جگہ پہنچائے گا کہ وہ راضی ہو جائیں گے)۔(المؤمنون ۲۳): ۱۱ (جنت الفردوس میں ہمیشہ کی زندگی)۔(الفرقان ۲۵): ۱۵ (ہمیشگی کی جنت متقین کا بدلہ اور ان کے لوٹنے کی اصل جگہ)۔۱٦ (جو وہ چاہیں گے وہاں موجود ہے، ہمیشگی، جنت اللہ کے ذمہ وعدہ ہے جس کا سوال کیا جاسکتا ہے)۔ ۷۵ (بالا خانے، دعا اور سلام) ۔ ۷٦ (ہمیشہ کی زندگی، رہنے کی بہترین جگہ)۔ (العنکبوت ۲۹): ۵۸ (بالا خانے ہمیشگی)۔(لقمٰن ۳۱): ۸ (نعمتوں والے باغ)۔۹ (ہمیشگی، جنت کا وعدہ سچا ہے)۔ (السجدۃ ۳۲): ۱۷ (اللہ تعالیٰ کی چھپائی ہوئی آنکھوں کی ٹھنڈک کو کوئی نہیں جان سکتا)۔۱۹ (ہمیشگی کے باغات، اللہ کی مہمانی)۔ (الاحزاب ۳۳): ۴۴ (سلام)۔(سبا ۳٤): ۳۷ (بالا خانوں میں امن سے بیٹھنا)۔(فاطر ۳۵): ۳۳ (سونے کے کنگن، موتی، ریشم کا لباس)۔۳۴ (جنت میں داخلے پر اللہ کا شکر)۔۳۵ (مشقت نہ تھکاوٹ)۔(یٰسٓ ۳٦): ۵۵ (عیش ونشاط کے مشغلوں میں خوش)۔۵٦ (اپنی بیویوں کے ساتھ سائیوں میں تخت نشین)۔۵۷ (ہر قسم کے میوے، منہ مانگی نعمت)۔۵۸ (اللہ کی طرف سے سلام)۔(الصّٰفّٰت ۳۷): ۴۱ (رزق)۔۴۲ (میوے، عزت واکرام)۔۴۳ (نعمتوں والے باغ)۔۴۴ (تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے بیٹھے ہوں گے)۔۴۵ (پاکیزہ شراب کا دور چل رہا ہوگا)۔۴٦ (شراب سفید رنگ کی ہوگی، پینے والوں کے لئے انتہائی لذیذ)۔۴۷ (شراب سے نہ سر میں درد ہوگا اور نہ ہی نشہ طاری ہوگا)۔۴۸ (نیچی نگاہوں والی بڑی بڑی آنکھوں والی عورتیں)۔۴۹ (خوبصورتی میں چھپائے ہوئے انڈوں کی مانند)۔۵۰ (جنتیوں کا ایک دوسرے سے سوال کرنا)۔۵۱ تا ۵۷ (ایک جنتی کا اپنے کافر ساتھی کو دوزخ میں دیکھنا)۔۵۸،۵۹ (جنتی خوشی میں کہے گا کیا اب ہمیں دنیا والی موت کے بعد کبھی موت نہیں آئے گی اور نہ ہی تکالیف کا سامنا کرنا پڑے گا؟)۔٦۰ (جنت کا حصول عظیم کامیابی)۔ ٦۱ (عمل کرنے والوں کو جنت کی نعمتوں کے ہی لئے عمل کرنا چاہیے)۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (صٓ ۳۸): ۴۹ (متقین کے لئے بہترین ٹھکانہ)۔ ۵۰ (ہمیشگی کی جنت اُن کے لئے دروازے کھول دے گی)۔ ۵۱ (تکیہ لگا کر ہر قسم کے پھل اور شراب منگوانا)۔ ۵۲ (نیچی نگاہ والی ہم عمر عورتیں)۔ ۵۳۔۵۴ (کبھی نہ ختم ہونے والی نعمتیں)۔ (الزمر ۳۹): ۲۰ (بالا خانے، بہتی ہوئی نہریں)۔ ۳۴ (جو چاہیں گے ملے گا)۔ ۷۳ (متقین کے لئے جنت کے دروازے کھلنا اور فرشتوں کا سلام کہنا، ہمیشہ کیلئے جنت میں داخلہ)۔ ۷۴ (جنتی اللہ کا شکر ادا کریں گے)۔ (المؤمن ۴۰): ۷ (نیک اعمال والے باپ دادا، بیویوں اور اولادوں کا ملنا)۔ ۴۰ (بے حساب رزق)۔ (حٰمٓ السجدۃ ۴۱): ۸ (کبھی نہ ختم ہونے والا اجر)۔ ۳۱ (جس چیز کا دل چاہے موجود ہوگی، جو چیز مانگی جائے گی وہ بھی ملے گی)۔ ۳۲ (ربّ ذوالجلال کی مہمانی)۔ (الشوریٰ ۴۲): ۲۲ (جنت کے باغات، جو چیز مانگی جائے گی ملے گی)۔ (الزخرف ۴۳): ۷۰ (تم اور تمہاری ازواج باعزت جنت میں چلے جاؤ)۔ ۷۱ (سونے کی رکابیاں اور گلاس، جو خواہش کریں گے اور جس چیز سے اُن کی آنکھیں ٹھنڈی ہو سکیں وہاں موجود ہوگی)۔ ۷۲۔۷۳ (بکثرت پھل)۔ (الدخان ۴۴): ۵۱ (جنت سکھ چین کا گھر)۔ ۵۲ (باغات اور چشمے)۔ ۵۳ (باریک و دبیز ریشم کے لباس پہن کر آمنے سامنے بیٹھنا)۔ ۵۴ (بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں سے نکاح)۔ ۵۵ (من چاہے پھل منگوانا)۔ ۵۶ (کبھی موت نہ آئے گی)۔ (محمد ۴۷): ۶ (اللہ نے جنتیوں کو جنت سے شناسا کر دیا)۔ ۱۲۔۱۵ (پانی کی نہریں جو کبھی بدبودار نہ ہوں گی، دودھ کی نہریں جن کا مزہ کبھی نہ بدلے گا، انتہائی لذیذ شراب کی نہریں، شہد کی شفاف نہریں، ہر قسم کے پھل، اللہ تعالیٰ کی مغفرت)۔ (الفتح ۴۸): ۵۔۱۷۔ (قٓ ۵۰): ۳۴۔۳۵ (جو چاہیں گے ملے گا لیکن اللہ اپنے فضل سے اور بھی عطا فرمائے گا)۔ (الذّٰریٰت ۵۱): ۱۵ (باغات اور چشمے)۔ ۱۶ (جنتی اپنے رب کی نعمتوں کو خوشی سے قبول کریں گے)۔ (الطّور ۵۲): ۱۷ (باغات اور نعمتیں)۔ ۱۸ (اپنے رب کے عطا کئے ہوئے میوے)۔ ۱۹ (کہا جائے گا مزے سے کھاؤ اور پیو)۔ ۲۰ (تختوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے، حوروں کے ساتھ نکاح)۔ ۲۱ (مومن والدین اپنی مومن اولاد کے ساتھ)۔ ۲۲ (پھلوں اور مرغوب گوشت کی کثرت)۔ ۲۳ (شراب کی چھینا جھپٹی، شراب کی تاثیر سے کوئی گناہ نہ ہوگا)۔ ۲۴ (نوعمر غلام اردگرد پھریں گے)۔ ۲۵ تا ۲۸ (جنتیوں کی آپس میں بات چیت)۔ (القمر ۵۴): ۵۴ (باغات اور نہریں)۔ ۵۵ (جنتی ہر طرح کی قدرت رکھنے والے بادشاہ کی بیٹھک میں ہوں گے)۔ (الرحمٰن ۵۵): ۴۶ (جو اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرا اُس کے لئے دو باغ ہیں)۔ ۴۸ (پھلوں سے لدی ہوئی اور سایہ دار شاخیں)۔ ۵۰ (ان دونوں میں دو چشمے جاری ہیں)۔ ۵۲ (ہر پھل کی مختلف اقسام ہوں گی)۔ ۵۴ (جنتی ایسے بچھونوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے جن کے استر دبیز ریشم کے ہوں گے، اُن باغات کے پھل جھکے ہوئے ہوں گے)۔ ۵۶ (نیچی نگاہ والی کنواری عورتیں جن کو جنتیوں سے پہلے کسی جن و انس نے ہاتھ نہ لگایا)۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] ۵۸ (حوریں خوبصورتی میں یاقوت ومرجان کی مانند)۔۶۲،۶۴ (دو باغ اور بھی ہیں جو گہرے سبز سیاہی مائل ہیں)۔۶۶ (اُن میں دو اُبلتے ہوئے چشمے ہیں)۔ ۶۸ (میوے، کھجور اور انار)۔ ۷۰ (نیک سیرت خوبصورت عورتیں)۔ ۷۲ (حوریں خیموں میں مقیم ہیں)۔۷۴ (جنتیوں سے پہلے کسی جن وانس نے ہاتھ نہ لگایا)۔۷۶ (سبز مسندوں اور قیمتی بچھونوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے)۔(الواقعة ٥٦): مقربین کا ذکر:۔۱۰ تا ۱۴۔۱۵،۱۶ (سونے کے تاروں سے بُنے ہوئے تختوں پر رُو برو بیٹھنا)۔۱۷ (ہمیشہ نوعمر رہنے والے خدمت گزار)۔ ۱۸ (آبخورے، کوزے، شفاف شراب سے بھرا ہوا پیالہ)۔ ۱۹ (جنت کی شراب سے نہ سر کا درد ہوگا نہ عقل میں فتور)۔ ۲۰ (من پسند پھل)۔ ۲۱ (پرندوں کا من پسند گوشت)۔۲۲،۲۳ (گوری رنگت کی بڑی آنکھوں والی حوریں، چھپے ہوئی موتی کی مانند حسین)۔۲۵،۲۶ (لغو اور گناہ کی باتیں نہ سُنیں گے)۔۸۸۔۸۹ (راحت، رزق اور نعمت کا باغ)۔دائیں ہاتھ والوں کا ذکر:۔ ۲۷۔۲۸ (بغیر کانٹوں والے بیری کے درخت)۔ ۲۹ (تہ بہ تہ کیلے)۔ ۳۰ (لمبے سائے)۔۳۱ (بہتا ہوا پانی)۔۳۲،۳۳ (کبھی نہ ختم ہونے والے بکثرت پھل)۔۳۴۔۳۵ تا ۳۷ (جنتیوں کے لئے خاص طور پر تخلیق شدہ کنواری، پیار دلانے والی اور ہم عمر بیویاں)۔ ۳۸ تا ۴۰ (دائیں ہاتھ والے)۔۹۰۔۹۱۔(الحدید ٥٧): ۱۲۔ ۲۱ (جنت کا عرض آسمان وزمین کے عرض کے برابر ہے)۔ (المجادلة ٥٨): ۲۲۔(الصّف ٦١): ۱۲ (اللہ ایسے باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، ہمیشگی والے باغات میں پاکیزہ گھر)۔(التغابن ٦٤): ۹۔(الطلاق ٦٥): ۱۱ (باغات، بہترین روزی)۔(التحریم ٦٦): ۸۔(القلم ٦٨): ۳۴ (نعمتوں والے باغات)۔(الحآقّة ٦٩): ۲۱ (من پسند زندگی)۔۲۲ (بلند وبالا باغ)۔۲۳ (جھکے ہوئے میوے)۔۲۴ (جنتیوں سے کہا جائے گا مزے سے کھاؤ اور پیو)۔ (المدّثّر ٧٤): ۳۹ تا ۴۲ (دائیں ہاتھ والوں کا دوزخیوں سے سوال کرنا)۔(الدھر ٧٦): ۵،۶ (کافور کی آمیزش والے چشمے کے جام، جدھر چاہیں گے اس چشمے سے نہریں نکال لیں گے)۔ ۱۲ (باغ، ریشمی لباس)۔۱۳ (تختوں پر تکیے لگائے ہوئے ہوں گے، نہ دھوپ کی تپش، نہ ہی سردی)۔۱۴ (جھکے ہوئے سائے، پھلوں کے گچھے جھکے ہوں گے)۔۱۵،۱۶ (خدام چاندی کے برتن لئے اردگرد پھریں گے، چاندی کے شیشے والے شفاف پیالے)۔۱۷،۱۸ (ادرک کی آمیزش والے چشمے سلسبیل کے جام)۔ ۱۹ (بکھرے ہوئے موتیوں کی مانند کم سن خدام)۔ ۲۰ (جہاں دیکھو گے نعمتوں کی کثرت اور عظیم الشان سلطنت دکھائی دے گی)۔ ۲۱ (باریک اور موٹے ریشم کا لباس، چاندی کے کنگن، ربّ العالمین پاکیزہ شراب پلائے گا)۔۲۲۔(المُرسلٰت ٧٧): ۴۱ (سائے، بہتے چشمے)۔۴۲ (من پسند پھل)۔۴۳ (جنتیوں سے کہا جائے گا مزے سے کھاؤ اور پیو)۔(النّبا ٧٨): ۳۲ (باغات، انگور)۔ ۳۳ (نوجوان اور ہم عمر عورتیں)۔۳۴ (چھلکتے ہوئے جام)۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] ۳۵ (جنتی لغو اور جھوٹی باتیں نہ سُنیں گے)۔(المطففین ۸۳): ۲۲ (نیک لوگ نعمتوں میں ہوں گے)۔۲۳ (تخت نشین ہو کر دیکھ رہے ہوں گے)۔۲۴ (چہروں پر آسائشوں کے آثار)۔ ۲۵،۲۶ (مُشک کی مہر والی خالص شراب)۔۲۷،۲۸ (تسنیم نامی چشمہ)۔۳۴ (مومنین کفار پر ہنسیں گے)۔ ۳۵،۳۶ (تخت نشین ہو کر منکروں کا انجام دیکھیں گے)۔(البروج ۸۵): ۱۱۔(الغاشیة ۸۸): ۱۰ (بلند و بالا باغ)۔۱۱ (کوئی لغویات نہ سُنیں گے)۔۱۲ (بہتے ہوئے چشمے)۔ ۱۳ (بچھے ہوئے اُونچے تخت)۔۱۴ (آبخورے)۔۱۵ (ترتیب سے لگے ہوئے تکیے)۔ ۱۶ (جگہ جگہ بچھے ہوئے مخمل کے قالین)۔(البیّنة ۹۸): ۸ (نہریں، ہمیشگی، اللہ جنتیوں سے راضی اور جنتی اپنے اللہ سے راضی)۔

234۔[۳]۔جنت میں آزمائش کے بغیر نہ جاؤ گے

(البقرة ۲): ۲۱۴۔(ال عمران ۳): ۱۴۲۔

234۔[۴]۔جنتی کون؟ (جنتیوں کے عقائد اور اوصاف)

(البقرة ۲): ۲۵ (نیک اعمال کرنے والے مومنین)۔۸۲ (نیک اعمال کرنے والے مومنین)۔(ال عمران ۳): ۱۵ تا ۱۷ (متّقین، گناہوں کی معافی مانگنے والے، جہنم سے پناہ مانگنے والے، صبر کرنے والے، سچ بولنے والے، اللہ کے احکام پر عمل کرنے والے، اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والے، سحری کے وقت استغفار کرنے والے)۔۱۳۳ (متّقین)۔ ۱۹۵ (ہجرت کرنے والے، جنہیں اللہ کی راہ میں اُن کے گھروں سے نکالا گیا، جنہیں اللہ کی راہ میں تکالیف دی گئیں، جہاد کرنے والے، شہید ہونے والے)۔ ۱۹۸ (متّقین، نیک اعمال کرنے والے)۔(النسآء ٤): ۱۳ (اللہ تعالیٰ اور محمد رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرنے والے)۔ ۵۷ (نیک اعمال کرنے والے مومنین)۔۱۲۲ (نیک اعمال کرنے والے مومنین)۔۱۲۴ (نیک اعمال کرنے والے مومن مرد اور عورتیں)۔ ۱۶۲ (قرآن اور پچھلی آسمانی کتابوں پر ایمان رکھنے والے، نماز کی پابندی کرنے والے، زکوٰۃ ادا کرنے والے، اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھنے والے)۔(المآئدة ٥): ۹ (نیک اعمال کرنے والے مومنین)۔۸۵ (نیک لوگ)۔۱۱ (سچے لوگ)۔(الاعراف ۷): ۴۲ (نیک اعمال کرنے والے مومنین)۔(التوبة ۹): ۲۰ (ایمان لانے والے، ہجرت کرنے والے، اللہ تعالیٰ کی راہ میں مال اور جان سے جہاد کرنے والے)۔۸۸ (مال اور جان سے جہاد کرنے والے)۔۱۰۰ (سبقت لے جانے والے مہاجرین اور انصار)۔(یونس ۱۰): ۹ (نیک اعمال کرنے والے مومنین)۔۲۶ (نیک لوگ)۔(ھود ۱۱): ۲۳ (نیک اعمال کرنے والے مومنین، اپنے رب کے سامنے عاجزی کرنے والے)۔(الرعد ۱۳): ۲۰ تا ۲۲ (اللہ کے عہد کو پورا کرنے والے، صلہ رحمی کرنے والے، اپنے رب سے ڈرنے والے، بُرے حساب کا خوف رکھنے والے، اللہ کی خوشنودی کے لیے صبر کرنے والے، نماز کی پابندی کرنے والے، اللہ کے عطا کردہ رزق میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرنے والے، [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] بُرائی کے جواب میں اچھائی کرنے والے)۔۳۵ (متقین)۔(ابراهيم ١٤): ۲۳ (نیک اعمال کرنے والے مومنین)۔(الحجر ١٥): ۴۵ (متقین)۔(النحل ١٦): ۳۰، ۳۱ (متقین)۔(الكهف ١٨): ۲ (نیک اعمال کرنے والے مومنین)۔۳۰ (نیک اعمال کرنے والے مومنین)۔(مريم ١٩): ۶۰ (جو گناہوں سے توبہ کرلے، ایمان لے آئے اور نیک اعمال کرے)۔۶۳ (اپنے بندوں میں سے ہم جنت کا وارث اُسے بنائیں گے جو متقی ہوگا)۔(طٰهٰ ٢٠): ۷۵، ۷۶ (نیک اعمال کرنے والے مومنین)۔ (الانبياء ٢١): ۱۰۱ تا ۱۰۳ (جن کے لیے اللہ کی طرف سے پہلے سے بھلائی مقرر ہوچکی ہے)۔(الحج ٢٢): ۱۴ (نیک اعمال کرنے والے مومنین)۔۲۳ (نیک اعمال کرنے والے مومنین)۔۵۶ (نیک اعمال کرنے والے مومنین)۔(المؤمنون ٢٣): ۲ تا ۱۱ (جنت الفردوس کے وارث بننے والوں کے اوصاف یہ ہیں: نماز میں خشوع کرنے والے، لغو کاموں سے اجتناب کرنے والے، زکوٰۃ ادا کرنے والے، اپنی بیویوں اور لونڈیوں کے علاوہ تمام عورتوں سے اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرنے والے، امانتوں کا پاس رکھنے والے، وعدوں کو پورا کرنے والے، نمازوں کی حفاظت کرنے والے)۔(الفرقان ٢٥): ۶۳ تا ۶۸ (زمین پر عاجزی سے چلنے والے، جاہلوں سے اعراض کرنے والے، اپنی راتیں سجدے اور قیام میں بسر کرنے والے، جہنم کے عذاب سے پناہ مانگنے والے، اللہ کی راہ میں خرچ کرتے وقت اعتدال سے مال خرچ کرنے والے، اللہ کے ساتھ کسی اور کو شریک نہ ٹھہرانے والے، بغیر حق کے قتل نہ کرنے والے، زنا سے اجتناب کرنے والے)۔۷۲ تا ۷۵ (جھوٹی گواہی نہ دینے والے، لغو باتوں اور کاموں سے اجتناب کرنے والے، جب انہیں قرآن کی آیات سُنائی جائیں تو بہرے اور اندھے نہیں بنتے)۔(الشعراء ٢٦): ۹۰ (متقین)۔(العنكبوت ٢٩): ۵۸ (نیک اعمال کرنے والے مومنین)۔۵۹ (صبر کرنے والے، اپنے رب پر توکل کرنے والے)۔(السجدة ٣٢): ۱۹ (نیک اعمال کرنے والے مومنین)۔(الصّٰفّٰت ٣٧): ۴۰۔ (صٓ ٣٨): ۴۹ (اللہ تعالیٰ کے منتخب بندے)۔(الزمر ٣٩): ۲۰ (متقین)۔(المؤمن ٤٠): ۴۰ (نیک اعمال کرنے والے مومنین اور مومنات)۔(حٰمٓ السّجدة ٤١) : ۳۰ (توحید پر استقامت رکھنے والے)۔(الزخرف ٤٣): ۶۹ (اللہ کی آیات پر ایمان لانے والے مسلمان)۔(الدخان ٤٤): ۵۱ (متقین)۔(الاحقاف ٤٦): ۱۳، ۱۴ (توحید پر استقامت والے)۔۱۵، ۱۶ (اللہ کے شکرگزار، توبہ کرنے والے، اپنی مرضی اللہ کے حکم کے تابع کرنے والے)۔(الفتح ٤٨): ۵ (مومنین اور مومنات)۔۱۷ (اللہ تعالیٰ اور محمد رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرنے والے)۔(قٓ ٥٠): ۳۱ (متقین)۔۳۲ (اللہ سے رجوع رکھنے والے)۔۳۳ (بن دیکھے اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے، اللہ سے رجوع والا دل رکھنے والے)۔(الذّٰريٰت ٥١): ۱۵ تا ۱۹ (متقین، نیکوکار، رات کو بہت کم سونے والے، سحری کے وقت استغفار کرنے والے، اپنے مال میں سے سوالی اور محروم کی مدد کرنے والے)۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (الطور ٥٢): ١٧ (متّقین)۔ ٢٦ (اپنے گھر میں اللہ سے ڈرنے والے)۔ ٢٨ (اللہ کو پکارنے والے)۔ (القمر ٥٤): ٥٤ (متّقین)۔ (الرحمٰن ٥٥): ٤٦ (اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرنے والے)۔ (المجادلة ٥٨): ٢٢ (اللہ اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرنے والوں سے دوستی نہ کرنے والے خواہ وہ مخالفین اُن کے باپ ہوں یا اُن کے بیٹے ہوں یا اُن کے بھائی ہوں یا اُن کے خاندان والے ہی کیوں نہ ہوں)۔ (الحشر ٥٩): ٢٠ (اہلِ جنّت اور اہلِ دوزخ برابر نہیں، اہلِ جنّت تو مُراد پانے والے ہیں)۔ (القلم ٦٨): ٣٤ (متّقین)۔ (الحآقّة ٦٩): ١٩ (دائیں ہاتھ میں نامۂ اعمال دیے جانے والے لوگ)۔ (المعارج ٧٠): ٢٢ تا ٣٥ (نمازوں کی ہمیشہ پابندی کرنے والے نمازی، اپنے مال میں سے سوالی اور محروم کی مدد کرنے والے، قیامت کے دن کی تصدیق کرنے والے، اپنے رب کے عذاب سے ڈرنے والے، اپنی بیویوں اور لونڈیوں کے علاوہ تمام عورتوں سے اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرنے والے، امانتوں کا پاس رکھنے والے، وعدوں کو نبھانے والے، اپنی گواہیوں پر قائم رہنے والے، اپنی نمازوں کی حفاظت کرنے والے)۔ (الدھر ٧٦): ٥ تا ١٢ (نیکوکار، نذر پوری کرنے والے، قیامت کے دن سے خوف کھانے والے، اللہ کی محبت میں مسکین، یتیم اور قیدی کو کھانا کھلانے والے)۔ (النّبا ٧٨): ٣١ (متّقین)۔ (النّٰزعٰت ٧٩): ٤٠، ٤١ (جو اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرتا رہا، جو اپنے نفس کو بے جا خواہشوں سے روکتا رہا)۔ (الانفطار ٨٢): ١٣ (نیکوکار)۔ (الّیل ٩٢): ١٧ تا ٢١ (متّقین، تزکیہ نفس کے لیے اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے والے، کسی کے احسان کا بدلہ دینے کے لیے نہیں بلکہ صرف اللہ کی خوشنودی کی خاطر خرچ کرنے والے)۔

235۔ جُوّا

(البقرة ٢): ٢١٩ (فوائد سے زیادہ نقصانات ہیں)۔ (المآئدة ٥): ٩٠ (جوے سے اجتناب کا حکم/حُرمت، شیطانی کام)۔ ٩١ (باہمی عداوت، اللہ کے ذکر اور نماز سے روکنے کا باعث)۔

236۔ جُوتے

(طٰہٰ ٢٠): ١٢۔

237۔ جوڑے (نَر اور مادہ/مخالف جنس کے جوڑے)

(النسآء ٤): ١۔ (الاعراف ٧): ١٨٩۔ (هود ١١): ٤٠۔ (النحل ١٦): ٧٢۔ (المؤمنون ٢٣): ٢٧۔ (الروم ٣٠): ٢١۔ (لقمٰن ٣١): ١٠۔ (فاطر ٣٥): ١١۔ (یٰسٓ ٣٦): ٣٦۔ (الزمر ٣٩): ٦۔ (الشورٰی ٤٢): ١١ (انسانوں اور جانوروں کے جوڑے)۔ [بقیہ آئندہ صفحہ پر]

[بقیہ از صفحہ سابقہ] (الزخرف ٤٣): ١٢ (تمام اشیاء کے جوڑے)۔(الذّٰریٰت ٥١): ٤٩۔(النجم ٥٣): ٤٥۔ (القیٰمۃ ٧٥): ٣٩۔(النّبا ٧٨): ٨۔(الّیل ٩٢): ٣۔

238۔ جہاد

238۔[١]۔ اللہ کی طرف سے مومنین کو جہاد کا حکم

(البقرۃ ٢): ١٩٠ (جو تم سے لڑیں تم اُن سے لڑو، جہاد میں زیادتی نہ کرو)۔٢١٦ (فرضیت)۔(النسآء ٤): ٧١ (مسلمانو! اپنے بچاؤ کا سامان لے لو، جہاد کا حکم)۔(النسآء ٤): ٧٥ (کیا وجہ ہے کہ تم مغلوب عورتوں اور بچوں کے لئے جہاد نہ کرو؟)۔ ٧٦ (شیطان کے دوستوں سے جہاد کرو)۔٨٤۔٨٩ تا ٩١ (منافقین سے جہاد کا حکم)۔(الانفال ٨): ٦٠ (اپنی قوت کے مطابق اور گھوڑوں سے، جہاد کی تیاری رکھو)۔(التوبۃ ٩): ١٤، ١٥ (اُن سے قتال کرو، اللہ تمہارے ہاتھوں انہیں عذاب دے گا)۔٢٩ (اللہ اور رسول ﷺ کے حرام کردہ کو حرام نہ ماننے والوں سے جہاد کرو، اہلِ کتاب سے جہاد کا حکم)۔٧٣ (کفار و منافقین سے جہاد کا حکم)۔(الحج ٢٢): ٣٩ (مظلوموں کو جہاد کی اجازت)۔٧٨ (اللہ کی راہ میں جہاد کرو، جیسا کہ اس کا حق ہے)۔(الفرقان ٢٥): ٥٢ (جہاد بالقرآن کا حکم)۔(محمد ٤٧): ٤ تا ٦ (کفار سے قتال، قید و بند کا حکم)۔ (التحریم ٦٦): ٩ (کفار و منافقین سے جہاد کا حکم)۔

238۔[٢]۔ جہاد کا مقصد

(البقرۃ ٢): ١٩٣ (فتنے کا خاتمہ اور اللہ کے دین کی سربلندی)۔٢٥١ (فساد کا خاتمہ)۔(الانفال ٨): ٣٩ (جہاد کے دو مقاصد: فساد کا خاتمہ، توحید اور اسلام کا غلبہ)۔(التوبۃ ٩): ١٤، ١٥ (جہاد مسلمانوں کے دل اور غم و غصہ ٹھنڈا کرنے کا باعث)۔ ١٦ (اللہ کی آزمائش)۔(الحج ٢٢): ٣٩، ٤٠ (جہاد کے دو مقاصد: مظلومیت کا خاتمہ، اعلائے کلمۃ اللہ)۔(محمد ٤٧): ٤ (اللہ تعالیٰ کی آزمائش)۔٢٢ (جہاد سے اعراض زمین پر فساد اور قطع رحمی کا باعث)۔٣١ (اللہ کی آزمائش)۔

238۔[٣]۔ جہاد کی فضیلت

